امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز ہفتہ 21 نومبر 2026 / 10 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 221

عطا اللہ تارڑ کا نئے صوبوں کا فیصلہ عوام کے ہاتھ میں دینے کا اعلان

آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے، قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جاسکتا ہے عوامی رائے تو آنی ہے، عوامی رائے آئے گی، اس کے بعد دیکھیں گے کیا ہوتا ہے

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی صدر مملکت سے بھی ملاقات ہوئی ہے جس میں معاملات پر تبادلہ خیال اور افہام وتفہیم کے ساتھ آگے بڑھنے کے امور زیر غور آئے، وفاقی وزیر اطلاعات کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ صوبوں کے قیام کے حوالے سے عوامی رائے لی جانی چاہیے، اگر عوام نئے صوبوں کے قیام کے حق میں ہوں تو صوبے بنا دینے چاہئیں اور اگر مخالفت میں ہوں تو ایسا نہیں ہونا چاہیے، آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے اور قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جا سکتا ہے۔ وہ جمعے کو یہاں الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔ الیکشن کمیشن میں سماعت سے متعلق سوال کے بارے میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان میں گزشتہ 12 ماہ کے دوران 94 لاکھ سے زائد سائبر حملوں کا انکشاف

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں گزشتہ 12 ماہ کے دوران مجموعی طور پر 94 لاکھ سے زائد سائبر

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

بچوں کے عالمی دن پر وزیراعظم کا نونہالان وطن سے شفقت ومحبت کا اظہار

بچوں کی آواز سننے والا معاشرہ ہی منصفانہ، جامع اور خوشحال مستقبل کا ضامن ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ آج بچوں کے عالمی دن پر دنیا بھر اور بالخصوص پاکستانی نونہالِ وطن کے لئے جذبہ شفقت ومحبت کا دِلی اظہار کرتا ہوں۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق یہ بات وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بچوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی، یہ دن 20 نومبر 2026 کو منایا جا

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

ٹیکس امور سے متعلق اپیلز کی سماعت کیلئے فیس لیس نظام متعارف کرانے کا فیصلہ

انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور ایف ای ڈی کی اپیلیز اب آن لائن سنی جائیں گی، ایف بی آر

اسلام آباد (جی این ایم) ایف بی آر نے ٹیکس امور سے متعلق اپیلز کی سماعت کا نیا نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی اپیلیں اب آن لائن سنی جائیں گی۔ ویڈیو سماعت کے دوران کمشنر کا چہرہ اور اصل آواز ظاہر نہیں ہوگی۔ فیصلے الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ فریقین کو بھجوائے جائیں گے۔ کیس کا آڈٹ یا پہلے فیصلہ کرنے والا افسر اسی کیس کی اپیل نہیں سن سکے گا۔ جاری بیان کے مطابق ایف بی آر نے انکم ٹیکس رولز دو ہزار دو اور سیلز ٹیکس رولز دو ہزار چھ میں نئی ترامیم کے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔ فیس لیس اپیلز

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

افغانستان میں دہشتگرد گروہوں سے رکن ممالک کو خطرہ ہے، سربراہ سلامتی کونسل

دہشتگردوں کو طالبان کی لاجسٹیکل اور آپریشنل سپورٹ حاصل، ٹی ٹی پی نے افغان سرزمین سے پاکستان میں کئی جان لیوا حملے کئے ہیں، سانیتا پاولیوٹا ڈیس لینڈیس

عالمی سطح پر بدلتے خطرات سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کے انسداد دہشت گردی کے نظام میں اصلاحات کی جائیں، پاکستانی مستقل مندوب سید حیدر شاہ

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی سربراہ سانیتا پاولیوٹا ڈیس لینڈیس نے کہا ہے کہ افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی موجودگی کی وجہ سے رکن ممالک کو دہشتگردی کے خطرات کا سامنا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اپنے بیان انہوں نے کہا کہ داعش خراسان نے افغانستان کے باہر علاقوں پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے اور تحریک طالبان پاکستان سنگین نوعیت کا خطرہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشتگردوں کو طالبان کی لاجسٹیکل اور آپریشنل سپورٹ حاصل ہے اور ٹی ٹی پی نے افغان سرزمین سے پاکستان میں کئی جان لیوا حملے کئے ہیں۔ اقوام

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کا فیصلہ عوامی رائے سے ہوگا، اگر عوام حق میں ہوں تو صوبے بنا دینے چاہئیں اور اگر مخالفت میں ہوں تو نہیں بنانے چاہئیں۔



میرانشاہ، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی صورتحال اور انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز کے بارے میں بریفنگ دی جارہی ہے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا میران شاہ کا دورہ، دہشت گردی کے مکمل خاتمے کا اعلان

پولیس بہادر صفِ اول کا دستہ خ دہشت گردی اور فتنہ الخوارج کے خلاف اس کی ثابت قدمی اور قربانیوں پر فخر ہے، سید عاصم منیر کا میران شاہ، شمالی وزیرستان کا دورہ

، یادگارِ شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی، پاک فوج کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا میران شاہ کا دورہ، سکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دی گئی

راولپنڈی (جی این ایم) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل ہونے والے امن و استحکام کو برقرار رکھنے کے لئے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے میران شاہ، شمالی وزیرستان کا دورہ کیا، یادگارِ شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور پاک فوج کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل کو علاقے کی موجودہ سکیورٹی صورتحال، جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور انسدادِ دہشت گردی کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کو مستحکم کرنے، نیز علاقے میں دیرپا امن و استحکام یقینی بنانے کے لئے کیے جانے والے

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

امریکی سینیٹ نے ٹرمپ کو ایران پر حملوں سے روکنے کی قرارداد مسترد کر دی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی سینیٹ نے ایران کے خلاف جاری جنگ رکوانے اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

چھوٹے صوبے یا بادشاہتیں اور ان پر ایک شہنشاہ، ایسے ملک نہیں چلے گا: سعد رفیق

اس گلے سڑے بدبودار نظام حکمرانی کو محض چھوٹے صوبے بنا کر درست کرنے کی سوچ ناقابل فہم ہے

لاہور (اے این این) سابق وفاقی وزیر اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سیاسی سلطنتیں ختم ہونی چاہئیں مگر ایسا نہ ہو کہ چھوٹی بادشاہتیں قائم کر دی جائیں اور ان پر شہنشاہ ایک ہی رہے، ایسے ملک چلے گا نہ آگے بڑھے گا، عجلت

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی موجودگی میں ترکیہ اور پاکستان کے درمیان معاہدے پر دستخط کئے جارہے ہیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس، کوئٹہ میں ٹی وی چینلز کے بیورو دفاتر کی بندش کے خلاف قرارداد منظور

صحافیوں کی برطرفیوں اور میڈیا بحران پر ارکان اسمبلی کا اظہار تشویش، کوئٹہ میں 11 قومی ٹی وی چینلز کے بیورو دفاتر بند، 122 سے زائد صحافی اور میڈیا ورکرز بے روزگار ہوئے

آزادی صحافت یقینی بنائی جائے، قرارداد کا متن؛ کوئٹہ سکھر پروازیں شروع کرنے اور 11 وفاقی افسران کی واپسی کے فیصلے پر نظر ثانی کی قراردادیں بھی ایوان میں پیش ومنظور

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس چیئرمین آف پینل اشوک کمار کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی جبکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کے علاج معالجے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی اجلاس کے دوران رکن بلوچستان اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: وزیر تجارت جام کمال خان سے جنوبی افریقہ کا اعلیٰ سطح کے کاروباری وفد ملاقات کر رہا ہے

وفاقی وزیر ریلوے سے میرپور چیمبر آف کامرس کے وفد کی ملاقات

صنعتی مال برداری اور ٹرانسپورٹ سہولیات بہتر بنانے بارے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (اے این این): وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی سے میرپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر چوہدری کاشف نذیر بجاڑ کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس دوران صنعتی سرگرمیوں کے فروغ اور کاروباری شعبے کی ترقی سے متعلق امور بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران صدر میرپور چیمبر نے وفاقی وزیر کو بتایا کہ چیمبر کا قیام 1980 میں عمل میں آیا تھا اور اس

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان بحری تجارت اور تعاون بڑھانے پر اتفاق

سمندری رابطوں میں بہتری سے دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا، وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری سے مالدیپ کے ہائی کمشنر نے ملاقات کی، جس میں بندرگاہوں، ماہی گیری اور بحری تربیت کے شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں پاکستان اور مالدیپ کے درمیان تجارتی روابط مضبوط بنانے کیلئے مشترکہ اقدامات پر زور دیا گیا۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ سمندری تجارت بڑھانے کا

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

سمندر میں تیل وگیس کی تلاش دوبارہ شروع کرنے کی تیاریاں

ترکیہ کا جدید سیسمک سروے جہاز اورک رئیس کراچی پورٹ پر لنگر انداز

کراچی (جی این ایم) پاکستان میں تقریباً دو دہائیوں بعد سمندر میں تیل وگیس تلاش کرنے کی تیاریاں شروع ہوگئیں۔ ترکیہ کا جدید سیسمک سروے جہاز اورک رئیس اس مقصد کیلئے کراچی پہنچ گیا اور کراچی پورٹ پر لنگر انداز ہوگیا۔ پاکستان اور ترکی کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کا نیا باب کھلنے کو تیار ہے۔ رپورٹ کے مطابق ترک کمپنی ٹی پی او اوسی نے پاکستان میں آف شور تیل وگیس کی تلاش کے لئے شراکت داری کر لی، آف شور بڑ راونڈ میں تیل

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

برطانیہ اور آسٹریلیا نے اسرائیل پر پابندیاں عائد کر دیں

غزہ میں اسرائیلی فوج کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں کی مذمت، پاکستان سمیت 16 ممالک کا خیر مقدم

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان سمیت 16 ممالک نے مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں اسرائیل کی غیر قانونی آبادکاری سے متعلق سرگرمیوں پر برطانیہ اور آسٹریلیا کی جانب سے پابندیاں عائد کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق رواں ہفتے برطانیہ نے مقبوضہ مغربی کنارے میں یہودی بستیوں کی تعمیر اور توسیع میں ملوث 8 اسرائیلی کمپنیوں کے علاوہ غزہ میں انسانی امداد کی ترسیل میں رکاوٹ ڈالنے والے

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، ترکیہ کے وزیر توانائی وقدرتی وسائل کی قیادت میں وفد وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہا ہے

عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، وزیر دفاع

گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریباً دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں

اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں موثر نمائندگی ملنی چاہیے

برسلز (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے۔ یورپی یونین کے زیر اہتمام یورپی پارلیمنٹ برسلز میں منعقد ہونے والے تیسرے شومان سکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم میں پاکستان نے اعلیٰ سطح پر شرکت کرتے ہوئے عالمی امن وسلامتی، موسمیاتی خطرات اور خطے کے دیرینہ تنازعات کے پرامن حل پر اپنا مقف

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

شنگھائی تعاون تنظیم کا اجلاس، وفاقی وزیر مصدق ملک بھارت پہنچ گئے

اسلام آباد، نئی دہلی (جی این ایم) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ ڈاکٹر مصدق مسعود ملک شنگھائی تعاون تنظیم کیلئے بھارت پہنچ گئے، جہاں پاکستان کے ناظم الامور سعد وڑائچ نے ان کا استقبال کیا۔ وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق مسعود ملک 20 سے 22 نومبر تک نئی دہلی میں منعقد ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے پہلے تہذیبی مکالمے کے فورم میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ڈاکٹر مصدق ملک پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے، جبکہ ملک تہذیبوں کے مابین مکالمے کی اہمیت اور سفارت

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

انتخابات ضرور اور مقررہ وقت پر ہوں گے، طارق فضل چوہدری

صدر اور وزیراعظم کی ملاقات کے بعد مثبت پیشرفت کی امید، ملکی مفاد میں بہتر فیصلہ سامنے آئیگا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ صدر آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کی ملاقات کے بعد مثبت پیشرفت کی امید ہے، ملک کے مفاد میں بہتر فیصلہ سامنے آئے گا، موجودہ حکومت اپنی مدت پوری کرے گی، انتخابات ضرور اور مقررہ وقت پر ہوں گے۔ اپنے ایک بیان میں طارق فضل چوہدری نے کہا کہ آئین میں موجود ایک آئینی اور سیاسی آپشن ہے، کسی متنازع معاملے پر براہ راست عوام سے پوچھا جاسکتا ہے کہ وہ کیا چاہتے ہیں تاہم کسی رہنما کے بیان سے آئین میں درج ریفرنڈم کا آپشن غیر آئینی نہیں ہوجاتا۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ عوامی رائے سامنے آنے کے بعد اس پر عملدرآمد کا طریقہ کار طے کیا جاسکتا ہے، انتخابات وقت سے پہلے کرانے کی کوئی وجہ نہیں، موجودہ حکومت اپنی مدت پوری کرے گی، انتخابات ضرور اور مقررہ

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

موجودہ نظام اللہ کے احکامات کے خلاف، اسے ختم ہونا چاہیے: حافظ نعیم

اگر معاشرے میں انصاف نہ ہو اور فساد پھیلا ہو تو اسے دینی نظام قرار نہیں دیا جا سکتا

لاہور (اے این این) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ موجودہ نظام اللہ کے احکامات کے خلاف ہے، اسے ختم ہونا چاہیے۔ جامع مسجد منصورہ میں اجتماعِ جمعہ سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا تھا کہ ملک میں رائج موجودہ نظام اللہ کے حکم کے خلاف ہے، اسے ختم ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دین محض چند بنیادی مسائل کا نام نہیں بلکہ عدل و انصاف پر مبنی مکمل نظام ہے۔ اگر معاشرے میں انصاف نہ ہو اور فساد پھیلا ہو تو اسے دینی نظام قرار نہیں دیا جا سکتا۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا سمیت ملک بھر کو سنگین مسائل کا سامنا ہے، کوئی صوبہ فنڈز کی کمی کا شکوہ کرتا ہے تو کوئی نئے صوبوں کا مطالبہ کر رہا ہے، بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہے، تاہم ان حالات کے باوجود جماعت اسلامی وہاں بھرپور کام کر رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے

(بقیہ 26 مندرونی صفحہ 2 پر)

اگر نئے صوبے بننے ہیں تو سینیٹ الیکشن سے پہلے بنیں گے، حذیفہ رحمان

بلاول بھٹو کی تقریر چیئرمین پیپلز پارٹی کے بجائے چیئرمین ماؤ، بھگت سنگھ یا چی گویرا کی لگی

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری اور ان کی پارٹی جو بھی حالات پیدا کریں وزیر داخلہ محسن نقوی کنٹرول کر لیں گے۔ ایکس انٹرویو میں حذیفہ رحمان نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کو اپنے والد سے پوچھنا چاہیے کہ محسن نقوی کو سندھ کا کتنا پتا ہے اور کتنا نہیں، پیپلز پارٹی کے موجودہ اقتدار میں محسن نقوی کی کاوشیں شامل ہیں، وزیر داخلہ نے ہمیشہ صدر مملکت آصف علی زرداری کیلئے ٹربل شوٹر کا کام کیا۔ ایک سوال کے جواب میں حذیفہ رحمان نے کہا کہ اللہ نہ کرے ایسی نوبت آئے کہ محسن نقوی کو دوڑتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کے پاس جانا پڑے، بلاول اور ان کی پارٹی جو بھی حالات پیدا کریں محسن نقوی کنٹرول کر لیں گے، ایسی نوبت نہیں آئے گی وزیر داخلہ چیئرمین پیپلز پارٹی کے در پر جائیں اور ہاتھ کھڑے کر دیں، محسن نقوی کے مضبوط اعصاب ہیں۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی نے مزید کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کی تقریر چیئرمین پیپلز پارٹی کے

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

غیر یقینی عالمی حالات میں مستحکم تجارت کیلئے علاقائی روابط ضروری ہیں، عبدالعلیم خان

پاکستان وسطی اور جنوبی ایشیا، چین اور مشرقِ وسطیٰ کو جوڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے، پاکستان محفوظ، پائیدار اور مربوط علاقائی ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کے قیام کیلئے پرعزم

تجارتی رکاوٹوں کے خاتمے اور متبادل راستوں سے علاقائی سپلائی چین مضبوط ہوگی، وفاقی وزیر مواصلات کا بینکاک میں وزارتی ٹرانسپورٹ کانفرنس سے ویڈیو خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے علاقائی رابطہ کاری کو معاشی مضبوطی اور مشترکہ خوشحالی کے لئے اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی حالات میں غیر یقینی کے باوجود تجارت جاری رکھنے کیلئے کسی ایک ملک پر انحصار کے بجائے متبادل تجارتی راستے بنانا ہوں گے۔ بینکاک میں وزارتی ٹرانسپورٹ کانفرنس سے ویڈیو خطاب میں وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ پاکستان

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، ترکیہ کے وزیر توانائی وقدرتی وسائل کی قیادت میں وفد وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہا ہے

بلاول کا خون خرابے کا بیان افسوسناک ہے، حنیف عباسی

میٹھا میٹھا ہپ ہپ کڑوا کڑوا تھو نہیں ہوسکتا، جو فیصلے ابھی ہونے والے ہیں ان پر اتنی جلدی غصہ کر جانا مناسب نہیں

راولپنڈی (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا خون خرابے کا بیان افسوسناک ہے، میٹھا میٹھا ہپ ہپ کڑوا کڑوا تھو نہیں ہوسکتا، جو فیصلے ابھی ہونے والے ہیں ان پر اتنی جلدی غصہ کر جانا مناسب نہیں

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں دل کے امراض میں تشویشناک اضافہ

ہسپتالوں میں مریضوں کا رش بڑھ گیا، ہارٹ اٹیک کے بڑھتے کیسز خطرے کی گھنٹی

کوئٹہ (جی این ایم) سماجی رہنما نعمان شاہ نے کوئٹہ میں دل کے دورے (ہارٹ اٹیک) کے بڑھتے ہوئے کیسز پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں نعمان شاہ کا کہنا تھا کہ صرف ایک دن میں کوئٹہ کے ہسپتالوں میں ہارٹ اٹیک کے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

یوسف رضا گیلانی کی تھائی لینڈ کی سینیٹ کے صدر مونگکول سوراساجا سے ملاقات

دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی روابط، تجارت، سرمایہ کاری اور ثقافتی تعاون کے فروغ بارے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (یو این اے) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بنکاک میں تھائی لینڈ کی سینیٹ کے صدر مونگکول سوراساجا سے ملاقات کی جس دوران پاکستان تھائی لینڈ کے ساتھ دوطرفہ اور آسیان کے تناظر میں تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے تاریخی روابط کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی عوام تھائی لینڈ کے آنجہانی بادشاہ بھومی بول ادولیادیج اور ملکہ مدر سیرکت کے 1962 کے دورہ پاکستان کو قدر کی

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

الیکشن کمیشن میں عطا تارڑ کیخلاف ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کیس کا فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (جی این ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 77 کے ضمنی انتخابات میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کے خلاف ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی جس میں عطا اللہ تارڑ بھی الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران عطا اللہ تارڑ کی جانب سے ان کے وکیل جبیل سواتی نے موقف اختیار کیا کہ دورے کا مقصد ذاتی تھا، انتخابی مہم چلانا نہیں تھا، وکیل کی ذاتی دعوت پر وہاں گئے تھے، متعلقہ تقریب میں امیدوار بھی موجود نہیں تھا۔ عطا تارڑ کی جانب

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان کابینہ میں برے پیمانے پر ردبدل کا امکان 7 صوبائی وزراء کابینہ سے فارغ

بعض وزراء کو فارغ جبکہ کچھ اراکین اسمبلی کو کابینہ میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا، زرالچ کا اے این این سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کابینہ میں برے پیمانے پر ردبدل کا امکان 7 صوبائی وزراء کے قلمدان تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا بعض وزراء کو فارغ جبکہ کچھ اراکین اسمبلی کو کابینہ میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا انتہائی اہم زرائع سے اے این این نیوز کو معلوم ہوا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے کابینہ میں ردبدل کا فیصلہ کر لیا گیا جس میں ساتھ وزراء کو فارغ جبکہ کچھ اراکین اسمبلی کو کابینہ میں شامل کرینگے زرائع کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کو صوبائی وزیر زراعت سونپ دیا گیا اور باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دی گئی جبکہ پاکستا پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو کو اڈیشنل سیکرٹری برائے لوکل گورنمنٹ میر حمزہ زہری اور صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کو فارغ کر کے ان کی جگہ میر ظہور بلیدی کو محکمہ آبپاشی کو زرک خان مندوخیل کو محکمہ ریونیو، اسفندیار کاکڑ کو

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

سلامتی کونسل کا لعدم بی ایل اے اور مجید بریگیڈ پر پابندیاں لگائے، چین کا مطالبہ

عالمی برادری دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرے، عالمی دہشتگردی کا خطرہ بدستور پیچیدہ اور سنگین ہے

دہشتگرد تنظیمیں اپنی کارروائیوں کی صلاحیت بڑھا رہی اور علاقائی تنازعات سے فائدہ اٹھا کر اپنا اثر ورسوخ پھیلا رہی ہیں، سلامتی کونسل کے اجلاس میں مطالبہ

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ میں چینی مندوب سن لی نے سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا ہے کہ قرارداد 1267 اور 2713 کے تحت پابندیوں کے نظام کو موثر انداز میں استعمال کیا جائے اور کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) اور اس کے ذیلی ونگ مجید بریگیڈ کو جلد از جلد پابندیوں کی فہرست میں شامل کیا جائے۔ اقوام متحدہ میں چینی مندوب سن لی نے سلامتی کونسل کے قائم مقام مستقل مندوب سن لی نے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان میں حالیہ خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس کارروائی میں عام شہری جاں بحق اور زخمی ہوئے۔ سن لی نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرے، عالمی دہشتگردی کا خطرہ بدستور پیچیدہ اور سنگین ہے، دہشتگرد تنظیمیں اپنی کارروائیوں کی صلاحیت بڑھا رہی ہیں اور علاقائی تنازعات سے فائدہ اٹھا کر اپنا اثر ورسوخ پھیلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف موثر عالمی حکمت عملی کے لئے دوٹوک موقف، عدم برداشت اور بین

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، ڈپٹی ڈائریکٹر انٹرنل آڈٹ نوید احمد اور چیف انٹرنل آڈٹ ایکسپرٹ زیر تربیت انٹرنل آڈٹ یونٹ کے افسران اور اہلکاروں کو تربیت فراہم کر رہے ہیں

نئے صوبوں کے معاملے پر مسلم لیگ ن کا تمام پارلیمانی جماعتوں سے رابطے کا فیصلہ

پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم سمیت تمام جماعتوں سے مشاورت کے ذریعے مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنے پر اتفاق

لاہور (جی این ایم) مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق زیر بحث معاملات پر تمام پارلیمانی جماعتوں کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک خصوصی رابطہ کار سیاسی کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جس میں مسلم لیگ (ن) کے اہم رہنماں کو شامل کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مجوزہ کمیٹی کو دیگر پارلیمانی جماعتوں سے رابطوں اور سیاسی مشاورت کی ذمہ داری سونپی جائے گی۔ کمیٹی پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم پاکستان سمیت ایوان میں موجود تمام پارلیمانی جماعتوں کی قیادت سے رابطہ کرے گی اور انہیں موجودہ سیاسی صورتحال اور انتظامی ڈھانچے میں ممکنہ تبدیلیوں کے حوالے سے مشاورت میں شامل کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کی قیادت چاہتی ہے کہ اہم قومی اور سیاسی معاملات پر انفرادی فیصلوں کے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)

بقیہ 1

حملوں کا انکشاف ہوا ہے جبکہ پاکستان میں لیسپر سکی کے 24 فیصد صارفین کو ڈیوائسز پر ہونے والے سائبر خطرات کا سامنا کرنا پڑا جنہیں سیکیورٹی سلوشنز نے بروقت روک لیا۔اسی طرح پاکستان میں 15 فیصد صارفین کو ویب پر مبنی سائبر خطرات کا سامنا کرنا پڑا جن میں فشنگ حملے اور نقصان دہ ویب سائٹس کے ذریعے صارفین کا ڈیٹا چرانے یا متاثر کرنے کی کوششیں شامل ہیں۔اس حوالے سے عالمی سائبر سیکیورٹی کمپنی کیسپر سکی نے اسلام آباد میں منعقدہ حالیہ سائبر تھریٹ انٹیلی جنس سمٹ 2026 کے موقع پر پاکستان سے متعلق اپنے سیکیورٹی نیٹ ورک کے اعداد و شمار جاری کر دیے ہیں جن میں ان سائبر خطرات پر روشنی ڈالی جن سے پاکستان میں اداروں کو اپنے نظام محفوظ رکھنے کی ضرورت ہے۔ان خطرات میں سپلائی چین حملے اور مصنوعی ذہانت سے متعلق سائبر خطرات بھی شامل ہیں۔

بقیہ 2

کوجرانوالہ ان کا آبائی شہر ہے اور وہ ڈسٹرکٹ بار کے جنرل سیکرٹری کی دعوت پر وہاں گئے تھے، اس تقریب میں کوئی انتخابی امیدوار موجود نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ دعوت ریکارڈ پر موجود تھی جو الیکشن شیڈول سے پہلے موصول ہوئی تھی، ڈسٹرکٹ بار کے جنرل سیکرٹری ان کے کولیگ بھی ہیں۔صوبوں کے قیام سے متعلق سوال کے جواب میں وفاقی وزیر نے کہا کہ صوبوں کے قیام کے حوالے سے عوامی رائے لی جانی چاہئے، اگر عوامی رائے صوبوں کے قیام کے حق میں ہو تو نئے صوبے بنا دینے چاہئیں، مخالفت میں ہو تو نہیں بنانے چاہئیں، عوامی رائے سامنے لانے کا راستہ ہموار کیا جانا چاہئے اور فیصلے عوامی رائے کے مطابق ہونے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ ریفرنڈم کرانے میں کوئی حرج نہیں، آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے، قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوامی رائے سامنے آنے دیں، اس کے بعد ہی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی صدر مملکت سے بھی ملاقات ہوئی ہے جس میں معاملات پر تبادلہ خیال اور افہام وتفہیم کے ساتھ آگے بڑھنے کے امور زیر غور آئے۔

بقیہ 3

رہا ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان آج اس عزم کی تجدید کرتا ہے کہ بچوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما، علمی و فکری تربیت اور حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گا۔وزیراعظم نے کہا کہ بچے قوم کے تابندہ مستقبل کے معمار، قومی تہذیب کے پاسبان اور روایات و اقدار کے امین ہوتے ہیں، بچوں کی آواز سننے والا معاشرہ ہی منصفانہ، جامع اور خوشحال مستقبل کا ضامن ہے۔بچوں کے لئے یہ مختص دن اقوام متحدہ کے کنونشن برائے حقوق اطفال (یو این سی آر سی) کی منظوری کی یاد میں عالمی سطح پر منایا جاتا ہے، اس سال کا موضوع میرا دن، میرے حقوق، میرا مستقبل بچوں کی فلاح و بہبود کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ 4

کے لئے انکم ٹیکس رولز 2002 میں ترامیم کر دی گئیں۔انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی اپیلز بالمشافہ نہیں بلکہ آن لائن سنی جائیں گی۔ اپیلیں ایف بی آر کے آئرس پورٹل کے ذریعے دائر ہوں گی۔سسٹم خودکار طریقے سے فوری کیس نمبر جاری کرے گا۔سماعت کیلئے کمشنرز کی تعیناتی رینڈم طریقے سے ہوگی۔اپیل سننے والے کمشنر کی شناخت خفیہ رکھنے کا فیصلہ۔ اپیل کنندہ اور اس کے وکیل کو کمشنر کی شناخت نہیں بتائی جائے گی۔ایف بی آر کے مطابق اپیلوں کی سماعت ویڈیو کانفرنس کے ذریعے کی جائے گی۔کمشنر کا چہرہ اور اصل آواز ظاہر ہوگی نہ فیصلوں پر نام، عہدہ اور دستخط ہوں گے۔ اپیل کنندہ کو تحریری دلائل کے ذریعے بھی اپنا مقدمہ پیش کرنے کی اجازت۔ ٹیکس واجبات کی وصولی روکنے کی درخواست بھی آن لائن دائر ہوگی۔اسٹے کی درخواستوں پر بھی الیکٹرانک طریقے سے فیصلہ کیا جائے گا۔ فیصلے ڈیجیٹل شناختی نمبر درج کر کے الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ فریقین کو بھجوائے جائیں گے۔ایسیسز ٹیکس رولز 2006 میں نئی ترامیم کا نوٹیفکیشن بھی جاری۔ ترجمان کے مطابق کیس کا ٹریک کرنے یا فیصلہ دینے والا افسر اسی کیس کی اپیل نہیں سن سکے گا۔سسٹم میں خرابی کی صورت میں مقررہ مدت میں توسیع ممکن۔ نئی ترامیم کا اطلاق نیشنل فیس لیس سینٹر کے ذریعے نمٹائی جانے والی اپیلز پر ہوگا۔

بقیہ 5

متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سید حیدر شاہ نے کہا کہ عالمی سطح پر بدلتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے اقوام متحدہ کے انسدادِ دہشت گردی کے نظام میں اصلاحات کی جائیں۔

بقیہ 6

اقدامات پر جامع بریفنگ دی گئی۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے افسران اور جوانوں سے ملاقات بھی کی اور ان کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں، آپریشنل تیاری اور وطنِ عزیز کے دفاع و سلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔خیبر پختونخوا پولیس کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے چیف آف ڈیفنس فورسز نے پولیس کو ایک بہادر صفِ اول کا دستہ قرار دیا اور دہشت گردی اور فتنہ الخوارج کے خلاف اس کی ثابت قدمی اور قربانیوں پر فخر کا اظہار کیا۔فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ قریبی رابطے اور ہم آہنگی کے ذریعے دہشت گردی کے ناسور کا فیصلہ کن خاتمہ کرنے اور خیبر پختونخوا میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل ہونے والے امن واستحکام کو برقرار رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔قبل ازیں میران شاہ آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف سید عاصم منیر کا استقبال کیا۔

بقیہ 7

کے جبلی اختیارات محدود کرنے کی قرارداد مسترد کر دی۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق قرارداد کے حق میں 48 اور مخالفت میں 51 ووٹ ڈالے گئے، جس کے بعد ری پبلکن ارکان نے ایک بار پھر ٹرمپ انتظامیہ کی جنگی پالیسی کی حمایت کر دی۔ رپورٹ کے مطابق ووٹنگ میں ڈیموکریٹ سینیٹر جان فیٹر مین نے اپنی جماعت کے برعکس قرارداد کی مخالفت کی، جبکہ ری پبلکن سینیٹرز سوزن کولنز، رینڈ پال اور لیزا مرکوسکی نے قرارداد کے حق میں ووٹ دیا۔ایران کے خلاف فروری میں امریکا اور اسرائیل کے مشترکہ حملے کے بعد سے ڈیموکریٹس مسلسل جنگی اختیارات سے متعلق قراردادیں پیش کر رہے ہیں، ان کا مقف ہے کہ صدر کو کانگریس کی منظوری کے بغیر جنگ جاری رکھنے کا اختیار نہیں ہونا چاہیے۔

بقیہ 8

سے گریز مناسب ہوگا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے پیغام میں خواجہ سعد رفیق کا کہنا تھا کہ اس گلے سڑے بدبودار نظام حکمرانی کو محض چھوٹے صوبے بنا کر درست کرنے کی سوچ ناقابل فہم ہے، چھوٹے صوبے بنانا مثبت عمل ہے لیکن پیشگی بنیادی اصلاحات کیے بغیر اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے شفاف نمائندہ جمہوریت کے تقاضے پورے کریں، سیاست میں غیر جمہوری مداخلت اور پیسے والوں کی حکمرانی ختم کریں، تعلیم یافتہ مڈل کلاس کیلئے سیاست کرنے کا راستہ بنائیں، سول سروس اور عدالتی ریفارمز کریں۔ان کا کہنا تھا کہ ملک میں جاری شدید سیاسی تناؤ، دہشت گردی، افلاس کی انتہا، مفلوج نظام عدل، متنازع پارلیمنٹ اور غیر سیاسی مداخلت کی موجودگی میں ممکن ہے کہ چھوٹے صوبے بنا لیے جائیں لیکن یہ نظام ناپائیدار ہوگا اور نئی پیچیدگیاں لائے گا۔خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ہمارا سب سے بڑا مسئلہ بھوک، غربت، ناانصافی، دہشت گردی بنیادی حقوق کی پامالی، سیاسی انتقام اور غیر آئینی عوامل کا خاتمہ ہے، ملک چلانا ہے تو پہلے ان مصائب سے قوم کی جان چھڑائیں، جلد بازی سے کام لے کر چھوٹے صوبے بنانے کا پرآگریسو اقدام متنازع نہ بنایا جائے، کیا کوئی قائل کرنے والا یا ہونے والا موجود ہے ہانہیں۔

بقیہ 9

بلوچستان کو ملازمیں فراہم کی گئی ہیں، تاہم یہ ملازمتیں صرف 12 اضلاع تک محدود نہیں ہونی چاہئیں بلکہ پورے صوبے کے تمام اضلاع کو ان میں نمائندگی دی جائے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیئرمین آف پینل اشوک کمار کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں چیئرمین آف پینل کی نشست پر دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے۔انہوں نے کوئٹہ ہائی وے حادثے پر افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ زخمیوں کے علاج کے لیے تمام اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کو ملازمتیں دینے پر وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے شکر گزار ہیں، بلوچستان کو وفاق کی جانب سے 25 ہزار ملازمتیں ملیں گی اور یہ ملازمتیں مرحلہ وار آ رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ جن علاقوں کے لوگوں کا مستقبل تیل کے کاروبار سے وابستہ تھا، انہیں زیادہ ملازمتیں فراہم کی جائیں گی۔ اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ نے کوئٹہ اور سکھر کے درمیان فضائی پروازیں شروع کرنے سے متعلق قرارداد پیش کی، جسے ایوان نے منظور کر لیا۔قرارداد میں کہا گیا کہ کوئٹہ اور سکھر کے درمیان فضائی رابطے جائیں لیکن یہ نظام ناپائیدار ہوگا اور نئی پیچیدگیاں لائے گا۔خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ہمارا سب سے بڑا مسئلہ بھوک، غربت، ناانصافی، دہشت گردی بنیادی حقوق کی پامالی، سیاسی انتقام اور غیر آئینی عوامل کا خاتمہ ہے، ملک چلانا ہے تو پہلے ان مصائب سے قوم کی جان چھڑائیں، جلد بازی سے کام لے کر چھوٹے صوبے بنانے کا پرآگریسو اقدام متنازع نہ بنایا جائے، کیا کوئی قائل کرنے والا یا ہونے والا موجود ہے ہانہیں۔

بقیہ 10

اسرائیلی گروپ پر پابندیاں عائد کی تھیں۔ دوسری جانب آسٹریلیا نے بھی مقبوضہ مغربی کنارے میں غیر قانونی آبادکاری اور فلسطینیوں کے خلاف تشدد میں ملوث 3 اسرائیلی افراد اور 4 تنظیموں پر پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ جاری مشترکہ اعلامیے میں پاکستان، کویت، اردن، متحدہ عرب امارات، انڈونیشیا، ترکیہ، الجزائر، سعودی عرب، صومالیہ، عمان، فلسطین، قطر، لیبیا، مالدیپ، مصر اور نائجر کے وزرائے خارجہ نے برطانیہ اور آسٹریلیا کی جانب سے مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں غیر قانونی اسرائیلی آبادکاری کی سرگرمیوں پر پابندیاں عائد کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا، جن میں یہودی بستیوں کی تعمیر میں ملوث کمپنیوں کو بھی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔بیان میں برطانیہ کی جانب سے ایسے اسرائیلی گروپ پر پابندیاں عائد کرنے کے فیصلے کا بھی خیر مقدم کیا گیا جو غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کی ترسیل میں رکاوٹ ڈالنے میں ملوث پایا گیا ہے۔وزرائے خارجہ نے مشترکہ بیان میں کہا کہ وہ ذمہ داران کا احتساب یقینی بنانے کے لیے تمام کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ ان میں مناسب بین الاقوامی اقدامات اور غیر قانونی آبادکاری میں ملوث اداروں اور افراد پر پابندیاں عائد کرنا بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای ون آبادکاری منصوبے کے علاوہ الحاق اور یہودی بستیوں کے پھیلاؤ کی پالیسیوں کی حمایت، ان پر عمل درآمد یا انہیں ممکن بنانے والے عناصر کو بھی پابندیوں کا سامنا کرنا چاہیے۔

بقیہ 11

ویسں کی تلاش لیلئے 40 سمندری بلاکس پیش کئے گئے۔ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ آف شور بلاک میں ٹوڈی اور تھری ڈی سیسمک سروے مکمل کر چکی ہے، پاکستان کے 3 لاکھ مربع کلومیٹر سمندری علاقے میں تیل وگیس کے وسیع ذخائر کے امکانات ہیں، قیام پاکستان سے اب تک سمندری علاقوں میں تیل وگیس کے صرف 18 کنویں کھودے جا سکے ہیں، پاکستان کے سمندری علاقے متحدہ عرب امارات، عمان اور ایران کی سمندری حدود سے متصل ہیں۔

بقیہ 12

خواہاں ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت کے وسیع امکانات موجود ہیں۔جنید انوار چوہدری نے بتایا کہ پاکستانی وفد دسمبر میں مالدیپ کا دورہ کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ سمندری رابطوں میں بہتری سے دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا۔ مالدیپ کے ہائی کمشنر نے کہا کہ پاکستانی وفد کے دورہ مالدیپ سے دونوں ممالک کے تعلقات کو نئی جہت ملے گی۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ پاکستان کے ساتھ تجارتی تعلقات مضبوط بنانے کے لئے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔

بقیہ 13

وقت میر پور میں فارماسیوٹیکل اور کیمیل سمیت مختلف شعبوں سے وابستہ 115 صنعتی یونٹس فعال طور پر کام کر رہے ہیں۔اس موقع پر پاکستان ریلوے اور میر پور کی صنعتی و کاروباری برادری کے درمیان باہمی تعاون بڑھانے پر گفتگو ہوئی اور صنعتی شعبے کی ضروریات کے مطابق ریلوے کے ذریعے مال برداری اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ محمد حنیف عباسی نے صنعتی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ملک کی صنعتوں کو معیاری اور تیز رفتار ٹرانسپورٹ سہولیات کی فراہمی کے لیے پاکستان ریلوے کے کردار کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

بقیہ 14

پیش کیا ہے۔ 17 اور 18 نومبر کو ہونے والے اس دو روزہ فورم میں پچاسی سے زائد شراکت دار ممالک، یورپی یونین، اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شریک ہو کر بدلتے ہوئے عالمی نظام اور سیکیورٹی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کی خصوصی دعوت پر فورم میں شرکت کی، جہاں یورپی پارلیمنٹ آمد پر ان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔فورم کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے بتایا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریباً دو لاکھ چوالیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، جبکہ ایک سو تراسی پاکستانی اہلکار عالمی امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔خواجہ محمد آصف نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں موثر نمائندگی ملنی چاہیے۔انہوں نے عالمی سلامتی کے تصور کو وسیع کرتے ہوئے کہا کہ سلامتی صرف فوجی طاقت تک محدود نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں بھی عدم استحکام کو جنم دے سکتی ہیں، اور پاکستان موسمیاتی خطرات سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔وزیر دفاع نے دیرینہ تنازعات کو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور یورپی پارلیمنٹ میں چیئرمین کشمیر کونسل ای یو علی رضا سید سے ملاقات کر کے مسئلہ کشمیر کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔دورِ برسلز کے دوران یورپی حکام سے تکفیر، لیبیا، مالدیپ، مصر اور سلامتی کونسل کے موجودہ چیئرمین ہے اور پاکستان آئندہ سال ہونے والے سربراہی اجلاس سے قبل متعدد سرگرمیوں کی میزبانی کرے گا۔

بقیہ 15

کہ گیس، بجلی اور پانی کی قلت میں الجھے ہوئے ہیں، جبکہ دوسری جانب روزانہ کی بنیاد پر اموات کی خبریں سننے کو مل رہی ہیں۔نعمان شاہ نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ اپنی صحت کے تحفظ اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے بیدار ہوں۔

بقیہ 19

سے ویلیں نے کہا کہ ہم کمیشن کی بہت عزت کرتے ہیں اور ذمے دار اراکین پارلیمان ہیں، ایسا کوئی کام نہیں کر سکتے جو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی ہو، اس حوالے سے تحریری جواب بھی جمع کروا چکے ہیں اور غیر مشروط معذرت کرتے ہوئے خود کو کمیشن کے رحم و کرم پر چھوڑتے ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے ریمارکس دیئے کہ آپ بے شک وکیل کی دعوت پر گئے تھے، لیکن آپ وفاقی وزیر بھی ہیں۔ساعت کے بعد الیکشن کمیشن نے کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا۔

بقیہ 20

نگاہ سے دیکھتے ہیں۔چیئرمین سینیٹ نے تھائی ولی عہد مہا وجیرالونگ کورن کے پاکستان کے تین دوروں اور شہزادی مہا چکری سرندھورن کے 2012 کے دورہ پاکستان کا بھی ذکر کیا۔سید یوسف رضا گیلانی نے بتایا کہ وزیراعظم پاکستان نے 20 اکتوبر 2026 کو تھائی لینڈ کے وزیراعظم انوتن چارنویراکول کو دورہ پاکستان کی دعوت دی ہے اور پاکستان ان کے دورے کا منتظر ہے۔ انہوں نے پارلیمانی روابط کے فروغ پر زور دیتے ہوئے بتایا کہ سینیٹ آف پاکستان میں تھائی لینڈ پاکستان دوستی گروپ قائم کیا گیا ہے۔

بقیہ 21

وسطی اور جنوبی ایشیا، چین اور مشرقِ وسطیٰ کو جوڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔کراچی، پورٹ قاسم اور گوادر کی بندرگاہیں وسطی ایشیائی ممالک کو سمندری راستوں تک رسائی دے سکتی ہیں۔ کیو ٹی ٹی اے معاہدہ خطے میں سامان کی ترسیل کے لئے اہم فریم ورک ہے۔عبدالعلیم خان نے کہا کہ ازبکستان، افغانستان اور پاکستان ریلوے منصوبے کی فزیبلٹی اسٹڈی پر بھی کام جاری ہے۔شاہراہ قراقرم کو سال بھر کھلا رکھنے سے چین اور وسطی ایشیا کے ساتھ روابط میں بہتری آئی ہے۔سی پیک کے تحت تھاکوٹ سے رائے کوٹ سیکشن پر کام جاری ہے۔وفاقی وزیر مواصلات نے بتایا کہ ایم سکس موٹروے کے تین حصوں کے لئے او پیک اور اسلامی ترقیاتی بینک سے فنڈنگ حاصل کی گئی ہے۔کیریک منصوبے کے تحت چمن اور طورخم سرحدوں پر جدید سہولتیں فراہم کی گئی ہیں۔عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان محفوظ، پائیدار اور مربوط علاقائی ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کے قیام کے لئے پرعزم ہے۔تجارتی رکاوٹوں کے خاتمے اور متبادل راستوں سے علاقائی سپلائی چین مضبوط ہوگی۔

بقیہ 22

محکمہ لوکل گورنمنٹ برکت رند کو محکمہ پبلک ہیلتھ مولانا ہدایت الرحمٰن کو فیشریز اور نوابزادہ میر زرین مگسی کو محکمہ تعلیم سونپ دیا جائے زرائع کے مطابق نئے وزراء پیر کے روز گورنر ہاؤس میں حلف اٹھائینگے

بقیہ 23

الاقوامی تعاون ناگزیر ہے، افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہ نہ صرف اس ملک بلکہ اس کے پڑوسی ممالک کی سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ داعش خراسان (آئی ایس) کے سرحد پار حملوں کے لیے اپنی صلاحیت اور سرگرمیاں بڑھا رہی ہے، سن لی نے طالبان حکومت پر زور دیا کہ وہ دہشتگردی کے خلاف اپنے وعدوں کی پاسداری کرے اور افغانستان میں موجود تمام دہشتگرد گروہوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرے، جن میں سلامتی کونسل کی قرارداد 1267 کے تحت پابندیوں کی فہرست میں شامل افراد اور تنظیمیں بھی شامل ہیں۔چینی مندوب نے کہا کہ افغانستان کو دوبارہ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بننے سے روکنے کیلئے موثر قدامات ناگزیر ہیں، دہشتگردی کی بنیادی وجوہات کے خاتمے کے لئے عالمی برادری کو افغانستان کی معیشت کی بحالی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرنی چاہئے۔انہوں نے وسطی ایشیائی ممالک، علاقائی تنظیموں، خصوصا شنگھائی تعاون تنظیم اور افغانستان کے درمیان تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا تاکہ سرحد پار دہشتگردی کے خطرات کا مشترکہ طور پر مقابلہ کیا جاسکے۔سن لی نے خبردار کیا کہ دہشت گرد تنظیمیں اپنے مقاصد کے لئے انٹرنیٹ، مصنوعی ذہانت، ڈرونز اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کا بڑھتا ہوا استعمال کر رہی ہیں۔ان ذرائع کو لوگوں کو تشدد پر اکسانے، نئے ارکان بھرتی کرنے، مالی وسائل جمع کرنے اور حملوں کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی نگرانی، خطرات کے جائزے اور مؤثر ضابطہ کار کو مضبوط بنایا جائے، ترقی پذیر ممالک کو بھی ٹیکنالوجی، آلات، فنی معاونت، تربیت اور خفیہ معلومات کے تبادلے کے ذریعے دہشتگردی کے خلاف اپنی صلاحیتیں بہتر بنانے میں مدد دی جانی چاہئے۔

بقیہ 24

بجائے تمام سیاسی قوتوں کو اعتماد میں لے کر آگے بڑھا جائے۔ اس سلسلے میں مختلف جماعتوں کے مقف اور تجاویز حاصل کی جائیں گی تاکہ باہمی مشاورت سے کسی مشترکہ حکمت عملی پر اتفاق رائے پیدا کیا جا سکے۔ رابطہ کار کمیٹی کی تشکیل کو سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطوں میں بہتری اور قومی معاملات پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش قرار دیا جا رہا ہے۔یاد رہے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ کی جبری تقسیم اور ریفرنڈم کی مبینہ تجاویز پر انتہائی سخت ردعمل کا اظہار کیا تھا، انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ سندھ کی تقسیم زور زبردستی کرنے کی کوشش کی گئی تو اس کے انتہائی خطرناک اور تباہ کن نتائج برآمد ہوں گے۔ کراچی پریس کلب میں میٹ دی پریس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ زور زبردستی کے ذریعے سندھ کی تقسیم کی گئی تو کراچی کی سڑکوں پر جو خون بہے گا، اس پر کڑی بازپرس اور سوالات کیے جائیں گے، صوبے کی زبردستی تقسیم معاشرے کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گی اور یہ دشمنی کی حد تک چلی جائے گی، ایسی صورت میں عام آدمی ہتھیار اٹھانے پر مجبور ہو جائے گا اور یہ خون خرابا کسی ایک مقام تک محدود نہیں رہے گا، سندھ کی تقسیم کے معاملے پر صوبائی اسمبلی نے ایک نہیں بلکہ دس بار اپنا واضح مقف اور قرارداد پیش کر کے ردعمل دے دیا ہے۔ملک میں ریفرنڈم کرانے کی تجاویز پر کڑی تنقید کرتے ہوئے چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ محسن بھائی کرنا کیا چاہتا ہے؟ ریفرنڈم کی بات دراصل نیت اور غیر آئینی طریقہ کار کی تلاش کی علامت ہے، جب بھی کوئی غیر جمہوری کام کرنا مقصود ہوتا ہے تو ریفرنڈم کا سہارا لیا جاتا ہے جبکہ آئین میں باقاعدہ طریقہ کار موجود ہے، ایک صوبے کا وزیر کہتا ہے کہ ریفرنڈم کرالیں، ارے بھئی ! پہلے وہ جا کر اپنی ہی اسمبلی کا ریفرنڈم تو کرا کے دیکھیں، ہم ہر غیر آئینی طریقے کا بھرپور اور ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 25

پٹرول 21.35 فیصد مہنگا ہوا۔رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیادوں پر آلو کی قیمت میں 27.13 فیصد، چینی 26.24 فیصد اور ٹماٹر 20.86 فیصد سستے ہوئے، جبکہ انڈوں کی قیمت میں 16.10 فیصد، نمک 11.03 فیصد اور دال مسور کی قیمت میں 6.90 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 42

پارٹنر شپ پاکستان کو اگلے 20 سے 30 برس میں حقیقی معاشی منزل تک لے جائے گی۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں محمد علی نے کہا کہ اصل بزنس حب کراچی، لاہور، سیالکوٹ، ملتان اور فیصل آباد ہیں، اسلئے نجی شعبے کو پالیسی سازی میں شامل کرنا ناگزیر ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پالیسی سازی میں اکیڈمیا دوسرا اہم ستون ہے، مگر جامعات و تھنک ٹینکس پالیسی سازوں سے کٹے ہوئے ہیں۔مشیر تجارت نے مزید کہا کہ تحقیق و مشاورت کے بغیر پائیدار پالیسی ممکن نہیں اور اختلاف رائے دلیل و تعمیری بحث سے حل ہونا چاہیے۔

بقیہ 43

دیتے ہوئے ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ڈپٹی کمشنر نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ گرانی سمیت ضلع بھر کے تمام علاقوں کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی۔

بقیہ 44

کردی گئی تھی۔ اس صورتحال کے بعد انہوں نے اپنے قریبی ساتھیوں سے مشاورت کی اور پشاور منتقل ہونے کا فیصلہ کیا۔ جے یو آئی ذرائع کا کہنا ہے کہ مفتی محمود مرکز میں قیام کا مقصد کارکنوں کی بڑی تعداد کی موجودگی اور سیاسی سرگرمیوں کو جاری رکھنا ہے۔اطلاعات کے مطابق مولانا فضل الرحمان آج (ہفتے) کے روز پشاور ہائیکورٹ بار جائیں گے، جہاں وہ وکلا سے خطاب کریں گے۔سیکیورٹی کی واپسی کے بعد مولانا فضل الرحمان کی پشاور منتقلی سیاسی حلقوں میں اہم پیشرفت قرار دی جا رہی ہے۔

بقیہ 45

تجاوزات، غیر قانونی پٹرول پمپس، بجلی چوری، نان کسٹم پیڈ (NCP) گاڑیوں، منشیات کی روک تھام اور غیر قانونی آبادکاری کے خلاف مؤثر کارروائیوں کو یقینی بنانے سے متعلق امور زیر بحث آئے۔شرکاء نے ان غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط حکمت عملی اور مشترکہ اقدامات کی ضرورت پر زور دیا اس موقع پر کھلی کچہریوں کے دوران عوامی مسائل کے حل کے لیے کیے گئے فیصلوں اور ان پر عملدرآمد کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا، جبکہ متعلقہ محکموں کو عوامی شکایات کے فوری ازالے اور جاری ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، کان کنوں کی حفاظت، عوامی مسائل کا فوری حل اور قانون کی عملداری ضلعی انتظامیہ کی اہم ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں اور حکومتی اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچانے کے لیے عملی اقدامات یقینی بنائیں۔

بقیہ 46

سیاسی میدانوں میں اپنا شبت کردار ادا کیا پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین صدر پاکستان سردار آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ولولہ انگیز قیادت ہی پاکستان اور پاکستانی قوم کو درپیش مشکلات سے چھٹکارا دلانے کی صلاحیت رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اقلیتی برادری کے مسائل کو حل کرنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہی ہے تعلیم صحت پینے کے صاف پانی کی فراہمی روزگار کے مواقع سمیت عبادت گاہوں کی سیکورٹی اور پرسکوں ماحول کی فراہمی کے لئے ٹھوس بنیادوں پر عمل کیا جا رہا ہے بلوچستان بھر میں آباد اقلیتی برادری محبّ وطن پاکستانی ہے جو پاکستان کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار بہتر انداز سے سرانجام دے رہی ہے جبکہ اقلیتی برادری کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لئے ہم بھی ہر فورم پر جدوجہد کر رہے ہے صوبے بھر میں آباد اقلیتی برادری سے بھی امید رکھتے ہیں کہ وہ پاکستان پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم پر متحد ہو کر سیاسی جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں۔

بقیہ 47

گردونواح کی خواتین کے لیے ایک اہم طبی پیش رفت ہے۔اس سے قبل زچگی کے لیے خواتین کو دیگر طبی مراکز کا رخ کرنا پڑتا تھا، تاہم اب ہسپتال میں زچہ و بچہ کی دیکھ بھال اور نارمل ڈیلیوری کی سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی، جس سے خواتین کو

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ (3) 21 نومبر 2026ء

امر بالمعروف ونہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کردیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ چیئرمین ڈاکٹر شکر کمار کی صدارت میں منعقدہ اجلاس کے ایجنڈ پر کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئرمین اجلاس پیر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک کے لیے ملتوی کردیا گیا ہے۔ چیئرمین ڈاکٹر شکر کمار کی صدارت میں منعقدہ اجلاس کے ایجنڈ پر کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئرمین اجلاس پیر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5پر)

ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل کا مُدو انفری اسکول گوادر کا دورہ

زچہ و بچہ کی صحت اور معیاری طبی تعلیم پر زور، ڈی جی ہیلتھ کا گوادر مُدو انفری اسکول کا معائنہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر امین مندوخیل نے گوادر مُدو انفری اسکول آف نرسنگ کا دورہ کیا۔ انہوں نے مُدو انفری اسکول کو نرسنگ کالج کا درجہ ملنے کے بعد داخلوں اور باقاعدہ تدریسی کلاسز کے آغاز کے حوالے سے پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ معیاری طبی تعلیم اور تربیت یافتہ افرادی قوت کی فراہمی صوبائی حکومت کی صحت عامہ کی پالیسی کا اہم حصہ ہے۔ کیونکہ مُدو ماؤ محفوظ زچگی، ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ ایسی جدید بنیادوں کے مطابق معیاری تعلیم اور عملی تربیت فراہم کی جائے انہوں نے (بقیہ 2 نمبر صفحہ 5پر)

پنجاب کے مختلف شہروں کی فضا انتہائی آلودہ، لاہور کا پھر دسترخوان پہلا نمبر

لاہور (بی این ایم) پنجاب کے مختلف شہروں کی فضا انتہائی آلودہ ہونے لگی، دنیا بھر میں آلودگی کے اعتبار سے لاہور کا پھر دسترخوان پہلا نمبر ہے، اعداد و شمار کے مطابق شہر میں اوسط فضائی آلودگی انڈیکس 400 سے زائد پارٹیکولیٹ میٹرز تک پہنچ گیا، گلبرگ کے علاقے میں سب سے زیادہ 600 تک ریکارڈ کیا جا رہا ہے، ریکی روڈ کا ایئر کوالٹی انڈیکس 550 تک پہنچ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور کا موسم بتدریج سرد ہونے لگا، شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 12 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہا، جو کہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27 ڈگری سینٹی گریڈ تک رہے گا، ہوا کی رفتار (بقیہ 2 نمبر صفحہ 5پر)

سعودی حملے میں تارکین وطن کی کشتی پر سوار 19 افراد ہلاک ہوگئے، حوثیوں کا الزام

کوئٹہ: بنانا بین الاقوامی انسانی قانون اور انسانی حقوق کے قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے۔ حوثی ترجمان کے مطابق یہ حملہ 19 نومبر کو ہوا، جس میں یمن کے شہریوں کی جانب سے رپورٹ کیے جانے والے الزام پر کوئی وضاحت نہیں دی گئی جب کہ حال ہی میں الزام پر کوئی وضاحت سامنے نہیں آئی ہے۔ اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق لڑائی کے موجودہ مرحلے میں 1,600 سے زائد افراد ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ تین لاکھ سے زیادہ افراد بے گھر ہوئے ہیں۔ یمن میں حوثی حکام نے سعودی افواج پر ایک شہری کشتی کو نشانہ بنانے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملے میں 19 افراد ہلاک اور چار زخمی ہوئے ہیں۔ یمنی عرب ریپورٹ کے مطابق حوثی وزارت صحت کے ترجمان انعام الآنسی نے حملے کو جاری بیان میں کہا کہ ایک طیارے سے 25 سے زائد تارکین وطن کو لے جانے والی شہری کشتی کو نشانہ بنایا۔ ان کے بقول حملے کے نتیجے میں 19 افراد ہلاک ہو چکے جبکہ چار جھلسے ہوئے۔ سعودی عرب کی طرف سے ابھی تک اس الزام پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔ انھوں نے اس واقعے کو مکمل جنگی جرم قرار دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں اور پناہ گزینوں (بقیہ 8 نمبر صفحہ 5پر)

کوئٹہ میں گیس کی فراہمی کا دورانیہ بڑھایا جائے، اراکین بلوچستان اسمبلی

شدید سردی کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے، گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ حل اور گیس فراہمی کے اوقات میں اضافے کو یقینی بنایا جائے، میر زابد علی ریکی، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام پر زور دیا کہ کوئٹہ شہر میں گیس کی فراہمی کے مقررہ اوقات میں اضافے پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، فضل قادر مندوخیل، مولانا نور اللہ

کوئٹہ (اے این این) اراکین بلوچستان اسمبلی نے کہا ہے کہ ہر سال دسمبر شروع ہوتی ہے تو کوئٹہ شہر سمیت دیگر علاقوں میں گیس پریشر میں کمی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام کا جینا محال کردیا ہے سوئی سدرن گیس کمپنی سالانہ اربوں روپے بلوں میں وصول کررہی ہے لیکن اس کے برعکس گیس کی فراہمی بھی معمولی ہے کوئٹہ شہر میں گیس کی دورانہ کو بڑھا کر 12 بجے تک بڑھائی جائے تاکہ سردی سے عوام بچ سکے، یہ باتیں جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی میر زابد علی ریکی، مولانا نور اللہ، فضل قادر مندوخیل نے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اراکین بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ شہر میں شدید سردی کے باعث گیس کمپنی کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ میں گیس کی فراہمی کے دورانیے میں اضافہ کیا جائے اور گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ فوری طور پر حل کیا جائے۔ اراکین اسمبلی کا کہنا ہے کہ کوئٹہ میں سردی کی شدت میں اضافے کے باعث (بقیہ 5 نمبر صفحہ 5پر)

ڈپٹی کمشنر اورالائی کی زیر صدارت بی آر ایس پی منصوبے کی تحقیقات کا جائزہ اجلاس

سرکاری و نرتیاتی فنڈز میں شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر اورالائی کا آڈٹ اجلاس سے خطاب

اورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر اورالائی سیٹین (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت بلوچستان دیہی معاونتی پروگرام (BRSP) کی انتظامیہ اور آڈٹ ٹیم کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں یونین کونسل شاہ کاریز میں بلوچستان دیہی معاونتی پروگرام اور پاکستان تخفیف غربت فنڈ (PPAF) کے اشتراک سے جاری بال موٹیشوں کی فراہمی کے منصوبے میں مبینہ بال بے ضابطگیوں سے متعلق جاری تحقیقات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران منصوبے کے تحت بال موٹیشوں کی خریداری اور تقسیم، تشہیر، منتخب افراد کے انتخاب کے طریقہ کار، رہائی پر تال سمیت منصوبے کے مختلف فنڈز کے استعمال سے متعلق تفصیلات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ منصوبے کے تحت سابق کیڈٹ کالج سنجاوی کوہ بدامت کے سابق طلباء کی تحقیقات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران منصوبے کے تحت بال موٹیشوں کی خریداری اور تقسیم، تشہیر، منتخب افراد کے انتخاب کے طریقہ کار، رہائی پر تال سمیت منصوبے کے مختلف فنڈز کے استعمال سے متعلق تفصیلات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ

امر بالمعروف و نہی عن المنکر ـــ اچھائی کی طرف دعوت اور برائی سے روکنا
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیو زافغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

بلاول بھٹو کا متضاد بیانیہ

کراچی پریس کلب کے پروگرام ''میٹ دی پریس'' سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے خبردار کیا ہے کہ سندھ کی تقسیم زبردستی ہوئی تو سڑکوں پر خون خرابہ ہوگا، بھائی بھائی کو قتل کرے گا اور معاشرے میں ایسی تقسیم پیدا ہوگی جو دشمنی تک جا پہنچے گی۔ اُن کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کسی بھی غیر آئینی اقدام کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی، 27 ویں آئینی ترمیم سیاسی اتفاقِ رائے کے بجائے جبری اکثریت سے منظور ہوئی، نظام خود بخود تباہ نہیں ہوا بلکہ اِسے تباہ کیا گیا ہے جس کی بحالی کے لئے پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان سمیت سیاسی قیدیوں کو رہا کرنا ہوگا۔ اُنہوں نے مولانا فضل الرحمان اور تحریک انصاف سمیت اپوزیشن کا اعتماد بحال کرنے، انتقامی کارروائیاں بند کرنے اور سیاسی نظام کو نئے صوبوں کے بجائے سیاسی ری سیٹ کے ذریعے درست کرنے پر زور دیا۔ اُن کے مطابق نئے صوبوں کے معاملے پر نہ اُن سے اور نہ ہی صدر آصف علی زرداری سے کوئی بات ہوئی ہے، حتیٰ کہ کابینہ میں بھی اِس پر بحث یا فیصلہ نہیں ہوا۔ بلاول بھٹو نے عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دیتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف کے بغیر ملک نہیں چل سکتا۔ حکومت کو اپوزیشن کی مخصوص نشستیں واپس دینے پر بھی بغیر کسی پیشگی شرط کے غور کرنا چاہئے۔ انتخابی نشان اور مخصوص نشستوں کے معاملے پر کیے گئے اقدامات سے اپوزیشن کا اعتماد مجروح ہوا جبکہ کسی سیاسی جماعت کو غدار یا ملک دشمن قرار دینا جمہوری نظام کے ساتھ ناانصافی ہے۔ اُنہوں نے پارلیمان کے ارکان کو آزادانہ طور پر اپنا مؤقف پیش کرنے اور قانون سازی میں حصہ لینے کا حق دینے پر زور دیا۔ کسی رکن کو یہ خوف نہیں ہونا چاہئے کہ کسی بل پر ووٹ دینے یا تقریر کرنے کے نتیجے میں اُس کے خلاف نیب کارروائی شروع ہو جائے گی۔

کرپشن کو ملک کا بنیادی مسئلہ قرار دیتے ہوئے اُنہوں نے احتساب کے اداروں کے سیاسی استعمال پر تنقید کی اور کہا کہ بدعنوانی میں سیاست دانوں کے ساتھ بیوروکریسی بھی ملوث ہوسکتی ہے لہٰذا احتساب سب کے لئے یکساں ہونا چاہئے۔ عدلیہ، الیکشن کمیشن، پارلیمان اور میڈیا سمیت تمام اداروں کو اپنی ساکھ اور عوامی اعتماد بحال کرنا ہوگا۔ اعلیٰ عدلیہ کے سینئر ججوں کے استعفے بھی عدالتی نظام پر اعتماد کے حوالے سے اہم سوالات اٹھاتے ہیں۔ بلاول بھٹو کے اِس خطاب نے ملکی سیاست اور حکومتی اتحادیوں کے درمیان پائے جانے والے تضادات کو نمایاں کر دیا ہے۔ پیپلز پارٹی موجودہ حکومتی اتحاد کا کلیدی حصہ ہے اور 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے عمل میں بھی پیش پیش رہی ہے۔ کہا جاسکتا ہے کہ ایک طرف ترمیم کی منظوری میں بھرپور کردار ادا کرنا اور دوسری طرف اُسی ترمیم کو جبری اکثریت کا نتیجہ قرار دینا کھلا تضاد ہے۔ ناقدین بلاول بھٹو کی وہ پارلیمانی تقریر بھی یاد دلاتے ہیں جو ترمیم کی منظوری کے بعد کی گئی تھی جس میں وہ اس کا کریڈٹ لیتے اور اُس کے حق میں بھرپور دلائل دیتے نظر آئے تھے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے حوالے سے پیپلز پارٹی کی طرف سے اپنے نامزد گورنر کے لئے وسیع تر اختیارات کی حمایت بھی سوالات کو جنم دیتی ہے۔ ایک طرف بلاول بھٹو اپوزیشن کے جمہوری حقوق، پارلیمانی بالادستی اور سیاسی آزادیوں کی بات کرتے ہیں تو دوسری طرف ایسے انتظامی اقدامات کی حمایت کرتے دکھائی دیتے ہیں جنہیں ناقدین جمہوری اصولوں کے برعکس قرار دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر نے انہیں قول و فعل کا تضاد ختم کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کے پی کے سے گورنر راج اُٹھا کر پہل کرنے کی تجویز دی۔ نئے صوبوں کے معاملے پر بھی بلاول بھٹو کا طرزِ بیان سخت اور جذباتی رہا۔

کسی بھی صوبے کی تقسیم ایک حساس معاملہ ہے جس کے سماجی، تاریخی، لسانی اور انتظامی پہلوؤں کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا لیکن اِس پر خونریزی جیسے الفاظ کے استعمال کے بجائے سیاسی قیادت کو اتفاقِ رائے کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔ بلاول بھٹو کے بیان پر متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے اِسے مہاجروں کے خون بہائے جانے سے جوڑ دینے سے سیاسی ماحول میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ بلاول بھٹو ایک طرف معاشی مشکلات، مہنگائی اور غربت کے تناظر میں سیاسی تقسیم ختم کرنے، گرینڈ ڈائیلاگ اور آل پارٹیز کانفرنس کی ضرورت پر زور دیتے ہیں لیکن دوسری طرف سندھ کی تقسیم کے معاملے پر ایسا سخت لہجہ اختیار کرتے ہیں جو سیاسی درجہ حرارت میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔ اِسی طرح نظام کو ری سیٹ کرنے کے لئے وہ سیاسی مفاہمت اور اداروں کی مضبوطی کو ناگزیر قرار دیتے ہیں لیکن نظام کی خرابی کا ملبہ بھی اُن پالیسیوں پر ڈالتے دکھائی دیتے ہیں جن میں ان کی جماعت خود شریک رہی ہے۔ نظام کی اصلاح ضروری ہے، اپوزیشن کے تحفظات دور ہونے چاہئیں اور تمام سیاسی جماعتوں کو پارلیمان میں مؤثر کردار ادا کرنے کا موقع ملنا چاہئے تاہم حکومتی اتحاد میں شامل جماعتوں کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا تعین کرنا ہوگا۔ پیپلز پارٹی کے حامیوں اور بلاول بھٹو کے نزدیک اُن کا مؤقف وفاقی اکائیوں کے تحفظ اور زمینی حقائق کی بنیاد پر ہے۔ اُن کا استدلال ہے کہ کسی صوبے کی تقسیم محض انتظامی معاملہ نہیں بلکہ اُس کے گہرے سماجی اور تاریخی اثرات ہوں گے۔ ماضی میں لسانی بنیادوں پر ہونے والے تشدد کے تناظر میں وہ کسی بھی غیر آئینی یا جبری اقدام کے نتائج سے خبردار کر رہے ہیں۔ اِسی طرح احتساب کے یکساں نظام، عدالتی اصلاحات اور اداروں پر عوامی اعتماد کی بحالی سے متعلق ان کے نکات بھی اہمیت رکھتے ہیں تاہم جمہوری اصولوں کی پاسداری کا تقاضہ ہے کہ یہ مؤقف تمام معاملات میں یکساں طور پر اختیار کیا جائے، نہ کہ سیاسی مصلحت کے تحت ایک معاملے میں جمہوریت اور دوسرے میں انتظامی اختیار کو ترجیح دی جائے۔

پاکستان اِس وقت معاشی اور سیاسی مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری اور غربت نے عام آدمی کی زندگی مشکل بنا رکھی ہے۔ ایسے میں ملک کی بڑی سیاسی جماعتوں، بالخصوص پیپلز پارٹی سے توقع ہے کہ وہ غیر ضروری تنازعات اور متضاد بیانیوں کے بجائے واضح اور اصولی مؤقف اختیار کرے گی۔ اقتدار میں شراکت داری اور حکومتی مراعات سے فائدہ اُٹھانے کے ساتھ ساتھ اپوزیشن جیسا لب و لہجہ اختیار کرنا نہ جمہوری نظام کے استحکام میں مددگار ہے اور نہ ہی سیاستدانوں پر عوام کا اعتماد بحال کر سکتا ہے۔ ملکی استحکام کا تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی قوتیں ذاتی اور علاقائی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی یکجہتی کے لئے کردار ادا کریں۔ نئے صوبوں جیسے حساس معاملات کو اشتعال انگیز بیانات کے بجائے آئینی دائرہ کار، عوامی خواہشات اور پارلیمانی بحث کے ذریعے حل کیا جانا چاہئے۔ پیپلز پارٹی اگر واقعی نظام کی بحالی، سیاسی مفاہمت اور گرینڈ ڈائیلاگ کے لئے سنجیدہ ہے تو اِسے اپنے قول و فعل کے تضادات ختم کر کے واضح لائحہ عمل پیش کرنا ہوگا۔ ملک کو سیاسی پوائنٹ سکورنگ کی نہیں بلکہ ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو اپنے مؤقف پر ثابت قدم رہے اور اتحاد، جمہوریت اور معاشی استحکام کو جماعتی یا ذاتی مفادات پر ترجیح دے۔

مخدوم سجاد قریشی اور مرسیڈیز کا کھلا دروازہ

نسیم شاہد

طارق محمود اسسٹنٹ کمشنر فیڈرل سیکرٹری تک رہے، تاہم وہ اپنی سروس کا سب سے اہم ترین حصہ ان دو برسوں کو قرار دیتے ہیں جو انہوں نے بطور سیکرٹری گورنر پنجاب مخدوم سجاد حسین قریشی کے ساتھ گذارے۔ وہ کہتے ہیں مخدوم صاحب نہایت بردبار، دنیاوی فہم و فراست سے معمور انسان تھے۔ طارق محمود نے مجھے اس کالم کے ردعمل میں فون کیا تھا جو میں نے دو روز پہلے ''وزراء ؔ کا جہاں اور ہے افسر کا جہاں اور'' کے عنوان سے لکھا۔ انہوں نے کہا میں نے دو برس کے عرصے میں ایسے متعدد مواقع دیکھے جب اختیارات کا تصادم ہوسکتا تھا مگر مخدوم صاحب اپنی فہم و فراست سے ٹال گئے۔ انہوں نے کہا آئین میں تمام اختیارات و فرائض گورنر کے نام پر کئے جاتے ہیں لیکن صوبے کے افسر اور بیوروکریسی جانتی ہے کہ گورنر وزیراعلیٰ کی ایڈوائس کے بغیر کوئی حکم نہیں جاری کر سکتا۔ مخدوم سجاد حسین قریشی طارق محمود کو بتاتے کہ مجھے معلوم ہے طاقت کس کے پاس ہے اور کائیاں افسر کسی طرح یہ تاثر دیتے ہیں کہ گورنر کا حکم بجالا رہے ہیں حالانکہ وہ کسی اور کے حکم پر چل رہے ہوتے ہیں۔ طارق محمود بتاتے ہیں کہ مخدوم سجاد قریشی نے ایک بار انہیں ایک واقعہ سنایا۔ ایک دن گورنر سجاد حسین قریشی اور وزیراعلیٰ اکٹھے مرسیڈیز گاڑی میں ایک تقریب کیلئے پہنچے، دونوں ایک ہی کار میں تھے۔ کالے شیشے بند تھے۔ گاڑی پورچ پر رکی تو ایک افسر بھاگ کر گاڑی کا وہ دروازہ کھولنے آیا جس طرف سجاد قریشی بیٹھے ہوتے تھے۔ اس نے جونہی دروازہ کھولا تو مخدوم سجاد قریشی نظر آئے اور وزیراعلیٰ دوسری طرف بیٹھے ہوئے تھے۔ افسر موصوف نے گورنر صاحب کا انتظار کئے بغیر گاڑی کے دوسرے دروازے کی طرف دوڑ لگا دی۔ دیگر افسر بھی اس طرف دوڑے۔ مخدوم صاحب کا دروازہ کھلے کا کھلا رہ گیا۔ وہ اپنی قراقلی ٹوپی پہن کر بڑے آرام سے خود ہی اُترے اور وزیراعلیٰ کے ساتھ تقریب کے ہال کی طرف چل پڑے۔ اب اگر مخدوم صاحب آج کے وزراء ؔ کی طرح ہوتے تو کم از کم ان افسروں پر خفا ضرور ہوتے جو ان کا دروازہ چھوڑ کر دوسرے دروازے کی طرف بھاگ گئے تھے، مگر انہوں نے طارق محمود سے کہا "I Know Lies"Powerthewhere آج کے وزراء ؔ اور سپیکر پنجاب اسمبلی کو بھی مخدوم سجاد قریشی جتنا ادراک ضرور ہونا چاہیے۔

میں نے طارق محمود سے کہا اسی لئے تو مخدوم سجاد حسین قریشی کی گورنرشپ میں کوئی سکینڈل نہیں بنا، اختیارات کا کوئی جھگڑا نہیں ہوا ایسے بردبار، سیانے اور وضع دار لوگ اب باقی نہیں رہے۔ اس پر طارق محمود نے ایک اور اہم بات کی۔ انہوں نے کہا بیوروکریسی میں ایک عمر گزارنے کے بعد میں یہ یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے بیوروکریٹس اپنے فرائض و اختیار کے معاملے میں بہت کائیاں ہوتے ہیں۔ وہ ہوا کے چلنے کی رفتار سے جان لیتے ہیں پلڑا کس طرف کا بھاری ہے۔ وہ سیاستدانوں کی بات مانتے ہیں، مگر اس حد تک جہاں انہیں بادِ مخالف کا کھٹکا نہیں ہوتا۔ جب ایسا کھٹکا ہو تو وہ گورنر کی سمت کا دروازہ کھلا چھوڑ کر بھی دوسری طرف بھاگ جاتے ہیں جیسے کسی ڈسپلن فورس میں چیف آف کمانڈ کی بڑی اہمیت ہوتی ہے، اسی طرح سول انتظامیہ میں صوبے کے چیف ایگزیکٹو کا حکم حتمی ہوتا ہے۔ وہ چاہے وزیراعلیٰ ہو یا گورنر راج کی صورت میں گورنر۔ آئین کے مطابق ہے بھی یہی ضروری وگرنہ تو ایک انتشار اور ہڑبونگ مچ جائے۔ کالم چھپا تو سب سے پہلے لاہور سے ایک محکمے کے سیکرٹری کا فون آیا۔ فیلڈ میں جو افسر تعینات ہوتے ہیں ان پر اتنا دباؤ نہیں ہوتا۔ وہ پنجاب حکومت کی واضح پالیسی کے مطابق کام کرتے ہیں مگر جو سیکرٹری صاحبان ہوتے ہیں، ان کی مشکل دہری ہوتی ہے ان کے ساتھ ایک صوبائی وزیر بھی موجود ہوتا ہے جو بلحاظِ عہدہ باس کہلاتا ہے۔ اب کئی معاملات میں وہ ایسی مداخلت کرتا ہے جو پنجاب حکومت کی پالیسی سے مطابقت نہیں رکھتی، صریحاً انکار بھی ممکن نہیں ہوتا کہ بات بڑھنے اور وزیراعلیٰ تک جانے کا خطرہ ہوتا ہے یہاں افسر کی ذہانت اور بردباری کام آتی ہے، یا اس کی ضرورت ہوتی ہے۔ پولیس افسروں کے ساتھ ایسے واقعات زیادہ پیش آتے ہیں۔ قارئین کو یاد ہوگا کہ عثمان بزدار کے دور میں ہر روز آئی جی کے بدلنے کی خبر آجاتی تھی۔ اس میں لازماً یہی وجہ کارفرما ہوگی کہ وزیراعلیٰ آئی جی سے ایسے اقدامات کی توقع کرتے ہوں گے جو وہ کسی وجہ سے مناسب نہیں سمجھتے تھے۔ حکمرانوں کو شائد یہ بات معلوم نہیں ہوتی کہ وہ دن رات جب افسروں کی اکھاڑ پچھاڑ کرتے رہتے ہیں تو خود ان کے بارے میں ایک منفی تاثر ابھرتا ہے۔ عثمان بزدار کے دور کی بہت سی ناکامیوں میں سے ایک ناکامی یہ بھی سمجھی جاتی ہے کہ انہوں نے چیف سیکرٹری اور آئی جی کے عہدوں کو مذاق بنا کر رکھ دیا تھا۔

ایک سرکاری افسر دوستوں کی محفل میں کہہ رہے تھے کوئی سرکاری افسر کسی منتخب عوامی نمائندے کو نظرانداز کرنے کا رسک نہیں لیتا۔ انہیں پراپر پروٹوکول دیتا ہے۔ بات اس وقت بگڑتی ہے جب کوئی سیاسی و عوامی نمائندہ ایسا کام کرانا چاہتا ہے جو قانون قاعدے کے زمرے میں نہیں آتا جو عوامی نمائندے سرکاری افسر کی مجبوری کو سمجھ جاتے ہیں، وہ خود بھی مشکل سے بچ جاتے ہیں اور سرکاری افسر کو بھی کسی مشکل میں نہیں ڈالتے۔ اب تو خبریں یہ بھی آتی ہیں کہ اوپر کی سطح پر یہ بات سنی ہی نہیں جاتی کہ فلاں ضلع کا پولیس یا انتظامی افسر ہماری بات نہیں مانتا۔ ہاں اگر کوئی مضبوط شواہد کے ساتھ یہ شکایت کرتا ہے کہ کسی افسر نے صریحاً ناانصافی یا غلط کام کیا ہے تو اپنے ذرائع سے تصدیق کے بعد اس کے خلاف سخت ایکشن بھی ہو جاتا ہے۔ مخدوم سجاد قریشی جیسے مردانِ فراست تو اب ہیں نہیں کہ جو یہ سمجھ جائیں افسر نے اگر میری طرف کا دروازہ کھلا چھوڑ کر دوسری طرف کو چھلانگ لگائی ہے تو اس کی ایک خاص وجہ ہے اس وجہ کو ماننا پڑے گا وگرنہ دستارِ مخدومی اتر بھی سکتا ہے۔

عمران خان کی بیماری

محمد افضل عاجز

عمران خان جب وزیراعظم تھے تو نواز شریف اور دیگر سیاستدانوں کی بیماریوں کا مذاق اڑایا کرتے تھے بعض اوقات اپنے جلسوں میں دلچسپ انداز میں ان کی بیماریوں پر تبصرہ کرتے تو ان کے پرستار تالیاں بجایا کرتے تھے عمران خان ان تالیوں کے شور میں مسکرا دیا کرتے کبھی کبھی یہ بھی کہا کرتے تھے کہ جیل میں بند سیاستدانوں کو جو مراعات حاصل ہیں واپس لے لیں گے ایسا کہتے وقت باقاعدہ منہ پر ہاتھ پھیرا کرتے جس کا مطلب یہ ہوتا تھا کے میں حشر نشر کر دونگا سوان کے پرستار بھی اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ جیل میں قید کوئی قیدی بیمار ہو ہی نہیں سکتا یہ نواز شریف وغیرہ سب ڈرامہ کرتے ہیں اور تو اور کلثوم نواز کی بیماری کو بھی بیماری نہیں سمجھتے تھے شاید یہی وجہ ہے ان کی موت پر بھی نامناسب تبصرے کئے گئے مگر اب ان کے پرستار ماننے لگے ہیں کہ جیل میں قید شخص بھی بیمار ہوسکتا ہے اور اس کا علاج بھی ہونا چاہئے دیکھا جائے تو عمران خان اپنی صحت کا بہت خیال رکھتے ہیں جیل میں بھی جسمانی طور پر فٹ رہنے کے لئے وہ روزانہ ورزش کرتے ہیں جم کی تمام تر سہولت انہیں حاصل ہیں، کھانے پینے کے لئے بھی انہیں وہ تمام چیزیں میسر ہیں جنہیں وہ اپنے استعمال میں رکھتے تھے مگر اس سب کے باوجود اب انہوں چیف جسٹس پاکستان اور چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کو ایک خط لکھا ہے جس میں انہوں نے اپنی بیماری کے حوالے سے سے تفصیل لکھی ہے خط کے مطابق انہیں سب سے زیادہ بلڈ پریشر کا سامنا ہے اور انہیں یہ خوف ہے کے بلڈ پریشر کی وجہ سے انہیں برین ہیمرج یا دل کا دورہ پڑسکتا ہے، یعنی وہ عدالت سے اپنے علاج کے لئے کہہ رہے ہیں اس خط میں انہوں نے بشریٰ بیگم کے حوالے سے بھی بتایا ہے کے وہ بھی شدید تکلیف میں ہیں خاص طور پر آنکھوں کے مسئلے سے دوچار ہیں اب معلوم نہیں عدالت خط کے جواب میں کیا فرمان جاری کرتی ہے بظاہر منظر وہی ہے جب نواز شریف جیل میں تھے تو بتایا جارہا تھا وہ شدید بیمار ہیں اور ان کی بیماری کے حوالے سے خود عمران خان کے وزیروں اور مشیروں نے بتایا تھا عمران خان اپنی اور بیگم کی بیماری کا خود بتا رہے ہیں تو پھر حکومت پر لازم ہے کہ ان کے بہترین علاج کا فوری بندوبست کرے یہاں یہ بات بھی بہت اہم ہے کہ عمران خان کا طبی مسائل کے حوالے سے یہ خط ان کی جماعت کے رہنما اور وکیل سردار لطیف کھوسہ اور سلمان صفدر کے ساتھ جیل میں چار گھنٹے طویل ملاقات کے بعد لکھا گیا ہے ان دونوں کی ملاقات کے حوالے سے جہاں تجزیہ نگار تبصرے کر رہے ہیں وہاں جماعت کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے ایک طرح سے عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کے ان دونوں کی اچانک اور چار گھنٹے تک ملاقات کا مطلب دال میں کچھ کالا ہے انہوں نے دونوں وکلاء ؔ کو۔۔۔ منظورِ نظر۔۔۔ قرار دیتے ہوئے عدم اعتماد کیا ہے جواباً لطیف کھوسہ نے کہا ہے ان کی ملاقات عمران خان کے بلاوے پر ہوئی ہے پارٹی کے سیکرٹری جنرل کو چاہئے کہ وہ اپنے عہدے سے مستعفی ہو جائیں سیکرٹری جنرل کے بیان کے بعد چند دیگر پارٹی رہنماؤں نے بھی دونوں پر عدم اعتماد کیا ہے اور سلمان اکرم راجہ کی تائید کی ہے کچھ رہنما دونوں کی ملاقات پر خوش ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر خان کیلئے کوئی آسانی کا راستہ نکلتا ہے تو نکالنا چاہئے کیونکہ پارٹی انہیں باہر دیکھنا چاہتی ہے اگر دیکھا جائے تو یہ رہنما درست معلوم ہوتے ہیں اور تحریک انصاف کے کارکنان بھی خان کو باہر دیکھنا چاہتے ہیں اب اگر حکومت کسی۔۔۔ ضرورت۔۔۔ کے تحت عمران خان کے ساتھ نرمی کا اشارہ دے رہی ہے تو پھر وہ پارٹی رہنما جو خان جیل میں خوش ہے کا نعرہ لگاتے ہوئے انہیں جیل میں ہی دیکھنا چاہتے ہیں تو یہ نہ خان کے خیر خواہ ہیں اور نہ پارٹی کے، خان کیلئے وہی لوگ بہتر ہیں جو۔۔۔ سیاسی داؤ پیچ۔۔۔ سے انہیں رہائی کے راستے پر چلنے کو کہہ رہے ہیں اور خیال یہی ہے کے جو لوگ اس وقت خان کے قریب ہوئے ہیں یہی لوگ خان کے لئے آسانیاں پیدا کر سکتے ہیں اور جو لوگ مارکٹائی دھرنے کی بات کرتے ہیں وہ بالکل ناکام ہو چکے ہیں ان کے تمام سیاسی فیصلے پارٹی اور خان کیلئے گھاٹے کا سودا ثابت ہوئے ہیں خان کو اب ایسے لوگوں کو قریب کرنا چاہئے جو طبی مسائل کی بنیاد پر ہی کیوں نہ ہو ان کے لئے آسانیاں پیدا کریں سیاست کو سیاسی انداز میں آگے بڑھائیں اپنے اردگرد کے لوگوں میں ایسے لوگ سامنے لائیں جو ان کے سیاسی مسائل کو سیاست سے حل کریں قانونی مسائل کے حل کے لئے قانون دانوں کو آگے رکھیں لیکن انہیں سیاسی بیانات سے دور رکھیں اور انہیں کہہ دیں کے آپ میرے قانونی مسائل کے حل کے لئے ہیں سیاسی مسائل کے لئے نہیں یہ کام سیاسی رہنماؤں کو کرنے دیں تاکہ پارٹی سیاسی طور پر آگے بڑھے اور مجھ سمیت ہر لیڈر اور کارکن کے لئے آسانیاں پیدا ہوں اگر عمران خان ایسا کرتے ہیں تو پھر یقیناً ان کے مسائل میں کمی آسکتی ہے۔

علامہ اقبال ٹاؤن کے مسائل اور کریم بلاک انڈر پاس؟

میاں اشفاق انجم

سالہا سال سے عوامی مسائل کی نشاندہی خبروں اور کالموں کے ذریعے کرتا چلا آرہا ہوں یقیناً مسائل بہت زیادہ ہیں اور دوستوں کی توقعات اس سے بھی زیادہ آج کا کالم بہت ہی قریبی دوستوں کی فرمائش پر لکھ رہا ہوں جن کا موقف ہے پاکستان سمیت دنیا بھر کے حوالے سے قلم اٹھانا زیادہ ضروری ہے دوستوں کی بات کے آگے سرِتسلیم خم کرتے ہوئے آج کا کالم علامہ اقبال ٹاؤن کے مسائل پر لکھوں گا اس کے سب سے بڑھے بلاک کریم بلاک میں 16 سال سے زائد عرصہ گزارا ہے۔ ڈیڑھ سال رضا بلاک میں رہنے کا موقع ملا اور اب 2011ء ؔ سے کامران بلاک کا رہائشی ہوں۔ میرے بڑے بھائی اور روزنامہ ''پاکستان'' کے ایڈیٹر ایڈیٹوریل محترم چودھری خادم حسین کے کالموں میں بنیادی مسائل کا ذکر ہمیشہ کیا جاتا ہے وہ روزانہ یا ہفتہ میں (ایک سے زیادہ) کالم تقریباً ضرور لکھتے ہیں اس لئے اکثر دفتر میں ذکر ہوتا ہے وہ گھر سے نکلتے ہی کالم کا مواد بنانا شروع کر دیتے ہیں پہلے میں اِس بات کو سنجیدگی سے نہیں لیتا تھا مگر اب غور کیا تو ان کی صحت والی لمبی زندگی کیلئے دعا نکلتی ہے کہ وہ چھوٹے چھوٹے مسائل کو بھی نظرانداز نہیں کرتے، چھوٹے مسائل کی طرف تو اُس وقت جائیں جب بڑے مسائل حل ہو جائیں۔ گزشتہ 30 سال سے زائد عرصہ سے ہماری اقبال ٹاؤن کی سیاسی قیادت بالخصوص میاں محمود الرشید، لیاقت بلوچ، خواجہ احمد حسان وحدت روڈ میں بڑھتی ہوئی ٹریفک کا حل ڈھونڈتے رہے اور بالآخر کینال سے کریم بلاک روڈ نکالنے کا فیصلہ ہوا اس بحث میں نہیں جاتا۔ پنجاب یونیورسٹی انتظامیہ اور ایل ڈی اے کے درمیان کیا کیا معاملات طے پائے تھے معاہدہ پر عملدرآمد کیوں نہ ہوا ہم سب اس بات پر بھی خوش تھے کہ نہر پر جانا آسان ہوگیا، کیونکہ وحدت روڈ اسی سڑک پر ہے جس پر ملتان روڈ، ملتان چونگی سے بڑی ٹریفک داخل ہوتی ہے اور دوسرا سبزہ زار اور اقبال ٹاؤن کے ذریعے انہی علاقوں کی نہیں بلکہ موٹروے سے آنے والی ٹریفک بھی ادھر سے گزر کر پہلے بھیکے والا موڑ سے شیخ زید ہسپتال کے سامنے سے نہر کی طرف جاتی تھی اور اب کریم بلاک سے نئی سڑک جناح ہسپتال کی طرف چلی جاتی ہے۔

پنجاب یونیورسٹی اور ایل ڈی اے کے درمیان معاہدے کے مطابق نئی سڑک کے اطراف کمرشل پلازے، پٹرول پمپ نہیں بنے تو بہتر ہی ہوا ورنہ اس وقت جو ٹریفک کا اژدھام کریم بلاک کی طرف آتا ہے یا کریم بلاک کے ذریعے نہر اور امتحانی مراکز کے ساتھ وحدت روڈ پر جاتا ہے اس کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ جناح ہسپتال سے کریم بلاک نہر والی سڑک کا کریڈٹ میاں محمود الرشید اور لیاقت بلوچ کو جاتا ہے لیکن اب مسئلہ اس سے بھی بڑھ چکا ہے۔ گذشتہ 15 سال سے تقریباً تین دفعہ کریم بلاک انڈر پاس کا منصوبہ کاغذوں اور اخباروں میں بن چکا ہے کبھی فنڈ نہیں تو کبھی نئے ڈیزائن کے نام پر التواء ؔ کا شکار ہوتا آرہا ہے سلام ہے ٹیپا کے ذمہ داران پر جنہوں نے ٹریفک پولیس کی سفارش پر کریم بلاک چوک کے اشارے بند کر کے فری سگنل کا منصوبہ پیش کیا اور ٹیپا نے راتوں رات فری سگنل کے نام پر چوک بند کر کے وحدت روڈ سے آنے والی ٹریفک کو نہر کی طرف 800 میٹر سے ٹرن لینے کی طرف لگا دیا اور ملتان چونگی کی طرف سے آنے والی ٹریفک کو کریم بلاک مارکیٹ کی طرف موڑتے ہوئے پی ایچ اے کے درخت اور گرین بیلٹ کاٹ کر ڈیوائیڈر رکھ کر مسئلہ حل کر دیا ایک ماہ تک واہ واہ ہوتی رہی اب صبح شام سکولوں کے بچوں اور دفاتر جانے والوں کا لیٹ ہونا معمول بن گیا ہے۔ شام کو 6 بجے سے 10 بجے تک مارکیٹ کی ٹریفک، کار پارکنگ کی وجہ سے دو دو کلومیٹر کی لائنیں لگ رہی ہیں۔ ٹیپا نے ڈیوائیڈر بنا دیئے، سڑک بنانا بھی گوارا نہیں کیا تو یوٹرن جو کریم بلاک میں بنائے گئے ہیں گہرے کھڈوں پر قائم ہیں ٹریفک رکنا معمول تو ہے ہی ٹریفک پولیس کے 18 گھنٹے کے پکے ناکے بھی کنفرم ہو گئے ہیں۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق ان حالات کے باوجود خبر آئی ہے انڈر پاس کا منصوبہ مکمل ختم کرنے کا عندیہ دیا گیا ہے بھیکے والا موڑ پر بھی اِسی قسم کا مذاق کیا گیا ہے۔ اقبال ٹاؤن کی آبادی کمرشل مارکیٹ دونوں کے الگ الگ مسائل ہیں کمرشل مارکیٹ کے مسائل آئندہ کالم پر انشاء ؔ اللہ البتہ رہائشی مسائل ضرور بیان کروں گا۔ مجھے عرصہ کریم بلاک ویلفیئر سوسائٹی میں خدمات دینے کا موقع ملا اب کامران بلاک ویلفیئر سوسائٹی میں بھی خدمت کر رہا ہوں سب سے مشکل کام لوگوں کو مطمئن اور راضی کرنا ہے لوگ راضی ہوں یا نہ ہوں البتہ یکسوئی سے خدمت کرتے رہنا، یہی ہماری تربیت اور مشن ہے۔ ہمارے صدر سوسائٹی طارق ملک اور ٹیم کی یکسوئی اور خدمت کا جذبہ قائم ہے دو نمبر پراپیگنڈے کو کبھی مسئلہ نہیں سمجھا اللہ کی توفیق سے خدمت بلاتفریق کرتے رہیں گے۔ کامران بلاک کرکٹ گراؤنڈ دو سال سے واسا ٹریٹمنٹ پلانٹ کی وجہ سے کھنڈر بنا ہوا ہے ٹھیکیدار بدل رہے ہیں منصوبہ مکمل نہیں ہو رہا۔ اطراف کی سڑکیں بھی کھنڈر بن گئی ہیں واکنگ ٹریک تک تباہ ہو چکا ہے۔ پی ایچ اے والوں کا موقف ہے واسا ہینڈ اوور کرے گا تو سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ پی ایچ اے کے ڈائریکٹر ظہیر احمد صاحب عقلِ کل ہیں ان کی ناانصافی دو نمبری اقربا پروری کی بات نہیں کروں گا ذاتی طور پر کوئی اختلاف نہیں مگر تجاوزات کریم بلاک سے ملتان چونگی تک ان کی نگرانی میں چل رہی ہیں، گرین بیلٹس تباہ ہو رہی ہیں۔ مین وحدت روڈ دونوں سڑکوں کے درمیان گھاس لگانے کے علاوہ کچھ نہیں ہو رہا۔ پی ایچ اے کے منصوبے کے مطابق پارک ویلفیئر سوسائٹی کے سپرد کرنا چاہئے تاکہ بھرپور نگرانی ہو سکے۔ وزیراعلیٰ پنجاب سیوریج مسائل کے ساتھ وابستہ ٹریٹمنٹ پلانٹ منصوبے کی تحقیقات ضرور کرائیں۔ سبزی منڈی اور فروٹ منڈی میں جو دو نمبریاں ہیں گندگی کا راج ہے توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ کامران مہران نشتر بلاک میں نشے کی لعنت عام ہے چھوٹے بڑے پارکوں میں شام ہوتے ہی نوجوان شیشہ، چرس اور دیگر نشہ کرتے نظر آتے ہیں۔ ستھرا پنجاب اقبال ٹاؤن میں صفائی کے نظام کو مربوط بنانے میں ناکام رہا ہے، 80 فیصد رہائشی علاقوں میں کوڑا پرانے لوگ اُٹھا رہے ہیں ویسٹ مینجمنٹ میں سڑکوں پر فوٹو سیشن تک محدود ہے، صفائی نہیں ہو رہی۔ دسمبر 2026ء ؔ تک چھ ماہ کے بل ڈیلور کروائے گئے ہیں اب ایکسائز وائے بل بھی لیں گے اور نہ دینے پر این او سی بھی کینسل کریں گے اور گرفتار بھی کر سکیں گے اور گھر سیل بھی کر سکیں گے اس حوالے سے تمام بلاکوں کی سوسائٹیوں کو متحد ہونا ہوگا، سٹریٹ کرائم بڑھ گیا ہے، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری ہے پانی کا مسئلہ گمبھیر ہو رہا ہے، نئے ٹیوب ویل لگانے کی ضرورت ہے۔ اقبال ٹاؤن اور ملحقہ آبادیوں میں صاف پانی کی فراہمی دوراہے پر، واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کے فلٹر کی تبدیلی معمول نہیں ان کی نگرانی کے لئے چوکیدار ہونا ضروری ہے۔ اقبال ٹاؤن میں فری ڈسپنسری اور لائبریری کا قیام ضروری ہے اقبال ٹاؤن کے تمام بلاکوں میں آوارہ کتوں کا راج ہے۔ وزیراعلیٰ سے درخواست ہے پی ایچ اے ستھرا پنجاب واسا کے افسروں کی کھلی کچہری کروائیں کسی وزیر کی ڈیوٹی لگائیں تاکہ عوام خود مسائل پیش کر سکیں، ٹوٹی سڑکیں ایل ڈی اے کی پیچ ورک کے لئے عرصہ سے منتظر ہی

جدید ٹیکنالوجی کا مقصد سرکاری خدمات کو آسان اور شفاف بنانا ہے، قائم مقام گورنر

محض پینا ڈول تجویز کرنے سے ڈیجیٹل نظامِ صحت کا مقصد پورا نہیں ہوگا، * حکومتی کارکردگی کا اصل معیار عوام کو ملنے والی سہولیات اور مسائل کا عملی حل ہے

ڈیجیٹل طبی سہولیات کو موجودہ صحت کے نظام اور ہیلتھ کیئر کارڈ سے مربوط کیا جائے،، اسپیکر بلوچستان اسمبلی و قائم مقام گورنر کا پی پی ایچ آئی منصوبے کے جائزہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی و قائم مقام گورنر بلوچستان کی زیر صدارت بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو (PPHI) بلوچستان کے تحت شروع کیے جانے والے جدید ڈیجیٹل نظامِ صحت (صحت دہلیز) کے حوالے سے اراکین صوبائی اسمبلی کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، اراکین صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، ظفر علی آغا، عبدالمجید بادینی، لیاقت علی لہڑی، کلثوم نیاز بلوچ، زرک خان مندوخیل، ڈاکٹر اشوک کمار، محمد خان لہڑی اور سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے شرکت کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی ایچ آئی بلوچستان ڈاکٹر ایم بی راجہ دہریجو نے شرکاء کو منصوبے کے اغراض و مقاصد، طریقہ کار اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ''صحت دہلیز'' ایک جدید اور عوام دوست ڈیجیٹل نظامِ صحت ہے، جس کے ذریعے شہریوں کو 24 گھنٹے مفت ٹیلی میڈیسن کی سہولت فراہم کرتے ہوئے مستند ڈاکٹروں اور مختلف امراض کے ماہرین تک گھر بیٹھے رسائی ممکن بنائی جائے گی۔ اس منصوبے کے چار بنیادی اجزاء میں ڈاکٹر کی دہلیز تک رسائی، طبی مشاورت اور ڈیجیٹل نسخے کا اجرا، ضرورت کے مطابق مریضوں کی اسپتالوں میں ریفرل اور ادویات کی فراہمی شامل ہیں۔ حکام نے بتایا کہ یہ اپنی نوعیت کا منفرد اقدام ہے، جس کا مقصد خصوصاً دور دراز اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے بتایا کہ PPHI میں بھرتیوں کے عمل میں میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے پرو میٹرکس (ProMetrics) کا نظام متعارف کرایا گیا ہے، جس کے ذریعے انسانی مداخلت کے بغیر شفاف

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیرِ صدارت ضلعی انٹیلی جنس رابطہ کمیٹی کا اجلاس

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی انٹیلی جنس رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، شہریوں کے تحفظ، سیکیورٹی انتظامات، خفیہ معلومات کے تبادلے اور جرائم کی روک تھام سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران بالخصوص اغوا برائے تاوان، بچوں کے اغوا، چوری اور دیگر جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی روک تھام پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان کو ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کے لیے مؤثر انٹیلی جنس نظام کو فعال بنایا جائے اور خفیہ معلومات کی بنیاد پر بروقت

ڈپٹی کمشنر قلات کا مغلزئی تا کوئنگ بلیک ٹاپ سڑک کے کام کا دورہ

بی ایس ڈی آئی منصوبے میں معیار اور شفافیت پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈپٹی کمشنر قلات کا سڑک منصوبے کا معائنہ

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کا ایس ڈی او روڈز انجینئر نوید موسیانی کے ہمراہ BSDI پروگرام کے تحت مغلزئی تا کوئنگ بلیک ٹاپ سڑک کے تعمیراتی کام کا تفصیلی دورہ۔ اس موقع پر ایس ڈی او روڈز انجینئر نوید موسیانی نے ڈپٹی کمشنر کو سڑک کے جاری تعمیراتی کام، پیش رفت اور دیگر تکنیکی امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے سڑک کے تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار کا بغور جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ BSDI پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا بنیادی مقصد عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا اور علاقے کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ مغلزئی تا کوئنگ سڑک کی تعمیر سے علاقے کے عوام کو آمدورفت میں درپیش مشکلات میں کمی آئے گی اور مقامی آبادی کو بہتر سفری سہولیات میسر ہوں گی۔ ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کا ایس ڈی او روڈز انجینئر نوید موسیانی کے ہمراہ BSDI پروگرام کے تحت مغلزئی تا کوئنگ بلیک ٹاپ سڑک کے تعمیراتی کام کا تفصیلی دورہ۔ اس موقع پر ایس ڈی او روڈز انجینئر نوید موسیانی نے ڈپٹی کمشنر کو سڑک کے جاری تعمیراتی کام، پیش رفت اور دیگر تکنیکی امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے سڑک کے تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار کا بغور جائزہ لیا اور

صحبت پور، نمازِ جمعہ کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور سمیت ضلع بھر میں نمازِ جمعہ کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے، جس کے تحت تمام اہم مساجد اور امام بارگاہوں پر پولیس کے جوان تعینات رہے جبکہ ضلع بھر میں پولیس گشت میں بھی اضافہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی پولیس کی جانب سے ڈپٹی کمشنر مسجد، پولیس لائن مسجد، میونسپل کمیٹی مسجد، نورانی مسجد، جامع مسجد، دارالتوحید، فیضانِ مدینہ مساجد اور مرکزی امام بارگاہ مہر شاہ سمیت دیگر مساجد و عبادت گاہوں کے اطراف سیکیورٹی اہلکار تعینات کیے گئے تھے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے اور نمازیوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ صحبت پور سمیت ضلع بھر میں نماز جمعہ کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے، جس کے تحت تمام اہم مساجد اور

آرایم سی سیکشن میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف، اعلیٰ سطحی انکوائری کرائی جائے، نثار یادگار

علاج معالجے کے حقیقی کیمز التوا کا شکار جبکہ مبینہ جعلی بلوں کی منظوری مختصر وقت میں ہو رہی ہے، رہنماء پیپلز پارٹی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما نثار یادگار سارنگزئی نے محکمہ صحت بلوچستان کے آرایم سی سیکشن میں مبینہ بڑے پیمانے پر مالی بے ضابطگیوں اور انتظامی بدعنوانی کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے چیف سیکریٹری بلوچستان سے معاملے کی شفاف تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی تشکیل دینے کی اپیل کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان کا آرایم سی سیکشن صوبے کے عوام بالخصوص سرکاری ملازمین کے علاج معالجے سے متعلق امور اور فنڈز کی ادائیگی میں اہم ذمہ داریاں انجام دیتا ہے، لیکن افسوسناک طور پر اس اہم شعبے میں مبینہ بے قاعدگیوں کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جن کا فوری طور پر نوٹس لینا ضروری ہے۔ نثار یادگار سارنگزئی نے الزام عائد کیا کہ آرایم سی سیکشن میں ایک مخصوص مافیا کی شکل اختیار کرنے والے بعض اہلکار طویل عرصے سے تعینات ہیں اور مبینہ طور پر عرصے تک التوا کا شکار رہتے ہیں، جبکہ مبینہ جعلی بلوں کی منظوری انتہائی مختصر وقت میں حاصل کر لی جاتی ہے، جو ایک سنجیدہ معاملہ ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما نثار یادگار سارنگزئی نے محکمہ صحت بلوچستان کے آرایم سی سیکشن میں مبینہ بڑے پیمانے پر مالی بے ضابطگیوں اور انتظامی بدعنوانی کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے چیف سیکریٹری بلوچستان سے معاملے کی شفاف تحقیقات کے لیے اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی تشکیل دینے کی اپیل کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان کا آرایم سی سیکشن صوبے کے عوام بالخصوص سرکاری ملازمین کے علاج معالجے سے متعلق امور اور فنڈز کی ادائیگی میں اہم ذمہ داریاں انجام دیتا ہے، لیکن افسوسناک طور پر اس اہم شعبے میں مبینہ بے قاعدگیوں کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جن کا فوری طور پر نوٹس لینا ضروری ہے۔ نثار یادگار سارنگزئی نے الزام عائد کیا کہ آرایم سی سیکشن میں ایک مخصوص مافیا کی شکل اختیار کرنے والے بعض اہلکار طویل عرصے سے تعینات ہیں اور مبینہ طور پر

بابا علامہ خادم حسین رضوی تاجدارِ ختمِ نبوت کے سچے اور نڈر پہرے دار تھے، محمد ظریف

سالانہ عرس 19، 20 اور 21 نومبر کو کوئٹہ سمیت ملک اور پوری دنیا میں انتہائی عقیدت و احترام سے منایا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) سینئر رہنماء تحریک لبیک پاکستان حاجی طارق محمود عباسی، حاجی محمد ظریف رضوی، فہیم سلطانی، حافظ شاہجہان انقلابی ہنگلوئی نے اپنے ایک خصوصی بیان میں تحریک لبیک پاکستان کے بانی علامہ خادم حسین رضوی رحم اللہ علیہ کے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ تاجدارِ ختم نبوت کے سچے اور نڈر پہرے دار تھے۔ انہوں نے کہا کہ بابا علامہ خادم حسین رضوی رحم اللہ علیہ کا سالانہ عرس مبارک 19، 20 اور 21 نومبر کو کوئٹہ سمیت ملک اور پوری دنیا میں انتہائی عقیدت و احترام اور دینی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے، جہاں عاشقانِ رسول؟ ان کی دینی و ملی خدمات کو یاد کر رہے ہیں۔ فہیم سلطانی نے مزید کہا کہ علامہ خادم حسین رضوی علم و عمل کا ایک ایسا روشن چراغ تھے جن کی روشنی سے لاکھوں دل منور ہوئے، اور ان کا ہر بیان عشقِ مصطفیٰ اور محبتِ رسول کی ایک لازوال داستان ہوا کرتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بابا خادم حسین رضوی نیا پنی پوری زندگی ناموسِ رسالت کے تحفظ اور دینِ متین کی سربلندی کے لیے وقف کر رکھی تھی، اور ان کی یہ عظیم دینی خدمات رہتی دنیا تک سنہری حروف میں یاد رکھی جائیں گی۔ سینئر رہنماء تحریک لبیک پاکستان حاجی طارق محمود عباسی، حاجی محمد ظریف رضوی، فہیم سلطانی، حافظ شاہجہان انقلابی ہنگلوئی نے اپنے ایک خصوصی بیان میں تحریک لبیک پاکستان کے بانی علامہ خادم حسین رضوی رحم اللہ علیہ کے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ تاجدارِ ختم نبوت کے سچے اور نڈر پہرے دار تھے۔ انہوں نے کہا کہ بابا علامہ خادم حسین رضوی رحم؟ اللہ علیہ کا سالانہ عرس مبارک 19، 20 اور 21 نومبر کو کوئٹہ سمیت ملک اور پوری دنیا میں انتہائی عقیدت و احترام اور دینی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے، جہاں عاشقانِ

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو 8 لاکھ 40 ہزار روپے دلوا دیے گئے

اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار خوب چندنے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (اے این این) درخواست گزار خوب چند نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر میں دائر کردہ اپنی درخواست میں مؤقف اختیار کیا کہ انہوں نے پوسٹل لائف انشورنس سے تین انشورنس پالیسیاں خریدی تھیں، تاہم پالیسیوں کی مدت مکمل ہونے کے باوجود انہیں واجب الادا رقم ادا نہیں کی گئی۔ رقم کی عدم ادائیگی پر درخواست گزار نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف باقاعدہ شکایت درج کروائی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی سماعت کی۔ دورانِ سماعت متعلقہ محکمہ درخواست گزار کو رقم کی عدم ادائیگی کے حوالے سے کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کر سکا۔ چنانچہ وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار خوب چند کو ان تینوں انشورنس پالیسیوں کی واجب الادا رقم فوری طور پر ادا کی جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے متعلقہ محکمے نے درخواست گزار خوب چند کو تینوں پالیسیوں کی مد میں مجموعی طور پر 8 لاکھ 40 ہزار روپے ادا کر دیے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار خوب چند نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

آٹے کی شدید قلت اور ہوشربا مہنگائی پر مرکزی انجمن تاجران کی شدید تشویش

زوب (یو این اے) مرکزی انجمن تاجران ژوب کے عہدیداران اور اراکین نے بلوچستان بھر میں آٹے کی شدید قلت اور قیمتوں میں غیر معمولی اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی و صوبائی حکومتوں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں تاجر رہنماں نے کہا کہ صوبے کے عوام پہلے ہی بے روزگاری، غربت اور معاشی بدحالی کا شکار ہیں، جبکہ اب آٹے جیسی بنیادی ضرورت بھی غریب اور مزدور طبقے کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ژوب شہر میں آٹے کا 50 کلو کا تھیلا 8 ہزار 300 روپے تک فروخت ہو رہا ہے، جو دیہاڑی دار اور سفید پوش طبقے کے لیے ناقابلِ برداشت ہے۔ مرکزی انجمن تاجران کے عہدیداران نے منتخب عوامی نمائندوں کی خاموشی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سینیٹ، قومی

سرد موسم کی آمد کے ساتھ ہی گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم پریشر پر تشویش ہے، جمال کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کوئٹہ میں گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرد موسم کی آمد کے ساتھ ہی شہر کے مختلف علاقوں میں گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ گھریلو صارفین کو کھانا پکانے سمیت روزمرہ امور کی انجام دہی میں دشواری پیش آ رہی ہے، جبکہ خصوصاً صبح اور شام کے اوقات میں گیس کا کم پریشر عوام کے لیے پریشانی کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس عوام کی بنیادی ضرورت ہے اور سردیوں کے موسم میں اس کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس کی فراہمی اور پریشر کے مسئلے کا جائزہ لے کر اس کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کریں تاکہ شہریوں کو ریلیف مل سکے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وہ کوئٹہ میں گیس کی لوڈشیڈنگ اور پریشر میں کمی کا معاملہ قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے اجلاسوں میں بھی اٹھائیں گے اور متعلقہ حکام کی توجہ اس اہم

ساجدہ بنگلزئی کی حاجی علی مدد جتک کو وزیر زراعت کا قلمدان ملنے پر مبارکباد

تقرری صوبے کے کاشتکاروں اور زمینداروں کے لیے خوش آئند ثابت ہوگی، اظہارِ تشکر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کی صوبائی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری ساجدہ بنگلزئی نے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کو محکمہ زراعت و امدادِ باہمی (ایگریکلچر اینڈ کوآپریٹو) کا قلمدان سونپے جانے اور اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن کے اجرا پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک تہنیتی بیان میں ساجدہ بنگلزئی نے کہا کہ حاجی علی مدد جتک ایک مخلص، محنتی اور عوام سے جڑے ہوئے رہنما ہیں جنہوں نے ہمیشہ علاقے کی ترقی، خوشحالی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بطور وزیر زراعت ان کی تقرری صوبے کے کاشتکاروں اور زمینداروں کے مسائل کے حل اور زرعی شعبے کی ترقی کے لیے انتہائی خوش آئند ثابت ہوگی۔ ساجدہ بنگلزئی نے اس اہم ذمہ داری پر اعتماد کا اظہار کرنے پر صدرِ پاکستان آصف علی زرداری، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، محترمہ فریال تالپور اور بالخصوص وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور حاجی علی مدد جتک کی مزید کامیابیوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کی صوبائی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری ساجدہ بنگلزئی نے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کو محکمہ زراعت و امدادِ باہمی (ایگریکلچر اینڈ کوآپریٹو) کا قلمدان سونپے جانے اور

سریاب کے مختلف علاقوں میں گزشتہ ایک ماہ سے بجلی کا نظام درہم برہم، مکینوں کا شدید احتجاج

بڑوکلی فتح محمد بادینی، کلی صابر آباد اور کمالو میں کم وولٹیج اور طویل بندش، کیسکو حکام اور عوامی نمائندوں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے سریاب ٹو کے مکینوں نے گزشتہ ایک ماہ سے بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ، انتہائی کم وولٹیج اور فنی خرابیوں کے باعث درپیش شدید مشکلات پر کیسکو حکام کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے فوری اصلاحِ احوال کا مطالبہ کیا ہے۔ بڑوکلی فتح محمد بادینی، کلی صابر آباد اور کمالو سریاب کے رہائشیوں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ گزشتہ ایک ماہ سے مذکورہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو کر رہ گیا ہے اور ہر گھنٹے میں بمشکل پانچ سے دس منٹ انتہائی کم وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کی جاتی ہے، جس سے گھریلو و کاروباری زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ علاقہ مکینوں نے کیسکو سریاب سب ڈویژن کی مبینہ غفلت اور لاپروائی پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بارہا شکایات کے باوجود مسئلے کے حل کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا جا رہا، جو شہریوں کو بنیادی سہولت سے محروم رکھنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کیسکو کے اعلیٰ حکام، صوبائی حکومت اور حلقے کے منتخب اراکینِ اسمبلی و سینیٹرز سے

کیو ڈی اے کی پالیسیوں اور بدانتظامی کی تحقیقات کا مطالبہ

قیمتی اراضی کی الاٹمنٹ، اشتہاری اخراجات اور مالی معاملات کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں۔ ٹرانسپورٹرز

کوئٹہ (اے این این: آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کے مرکزی ترجمان اور کوئٹہ کی تاجر برادری، کاروباری حلقوں، ٹرانسپورٹرز اور مختلف شہری و سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو ڈی اے) کی موجودہ انتظامی پالیسیوں، سینئر افسران کو عہدوں سے ہٹانے اور ادارے کے مالی معاملات پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اور متعلقہ احتسابی اداروں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے مطابق ادارے کے تجربہ کار اور سینئر افسران کو مبینہ طور پر او ایس ڈی بنا کر اہم انتظامی عہدوں سے دور رکھنا اور ان کے خلاف انکوائریاں شروع کرنا تشویش ناک ہے۔ ڈائریکٹر کمرشل، ریزیڈنشل، ٹاؤن پلاننگ، ورکس اور بلڈنگ کنٹرول سمیت اہم شعبوں میں تعیناتیوں کے حوالے سے بھی میرٹ اور سنیارٹی کو نظر انداز کرنے کے خدشات سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزار گنجی میں منسوخ شدہ پلاٹوں کی دوبارہ الاٹمنٹ، مجوزہ کمرشل سینٹر اور دیگر منصوبوں کی تشہیر پر سرکاری فنڈز کے استعمال سمیت ادارے کے تمام مالی معاملات اور ٹھیکوں کی شفافیت کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ قیمتی سرکاری اراضی کی الاٹمنٹ میں عدالتی احکامات اور مروجہ قواعد کی مکمل پاسداری یقینی بنائی جائے۔ تاجر اور ٹرانسپورٹرز رہنماؤں نے خبردار کیا کہ ادارے کی انتظامی اور مالی بے ضابطگیوں پر قابو نہ پایا گیا تو اس کے اثرات نہ صرف سیکڑوں ملازمین

مذہب کے نام پر بے بنیاد الزامات سے ملک میں انتشار پھیلانے سے گریز کیا جائے ذوالفقار علی

پاکستان میں جن واقعات کی رپورٹس سامنے آئی ہیں، ان میں متعلقہ افراد نے پہلے عدالت سے رجوع کیا، رہنماء اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے فیضان اولیاء روحانی کلینک میں جیکب آباد کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام امن وسلامتی کا مذہب ہے، جو کبھی بھی کسی کے ساتھ زبردستی کرنے یا کسی کو جبر کے ذریعے مسلمان بنانے کا حکم نہیں دیتا۔ اقلیتی برادری اور ان کی عبادت گاہوں کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سینیٹر دانش کمار کی جانب سے اسلام اور دینی اساتذہ پر الزامات لگانا قابلِ مذمت ہے۔ سابق ایم این اے پیر عبدالحق عرف میاں مٹھو کے خلاف لگائے گئے الزامات بھی بے بنیاد ہیں۔ سینیٹر دانش کمار کو کسی بھی قسم کا الزام لگانے سے پہلے حقائق کا جائزہ لینا چاہیے، کیونکہ محض الزامات کی بنیاد پر کسی کی کردار کشی کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی ڈہرکی اور راڑکی میں ہندوؤں کا بڑا مندر موجود ہے، جو اس بات کی مثال ہے کہ اقلیتی برادری کی عبادت گاہیں موجود ہیں۔ صدیوں سے ہندو اور مسلمان ایک ساتھ رہتے آئے ہیں، ایک دوسرے کے مذہبی جذبات اور عبادت گاہوں کا احترام کرتے ہیں۔ اگر کسی کو زبردستی مسلمان بنایا جا سکتا تو اقلیتی برادری کی عبادت گاہیں اس طرح موجود نہ ہوتیں۔ اسلام بچوں، بوڑھوں، جوانوں اور خواتین سمیت ہر انسان کے حقوق اور تحفظ کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے مزید

بقیہ 1

ہوئے کہا ہے کہ حملے میں 19 افراد ہلاک اور چار زخمی ہوئے ہیں۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق حوثی وزارتِ صحت کے ترجمان انیس الاصبحی نے جمعے کو جاری بیان میں کہا کہ ایک طیارے نے 25 سے زائد تارکین وطن کو لے جانے والی شہری کشتی کو نشانہ بنایا۔ ان کے بقول حملے کے نتیجے میں 19 افراد ہلاک جبکہ چار دیگر زخمی ہوئے۔ سعودی عرب کی طرف سے ابھی تک اس الزام پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔ انھوں نے اس واقعے کو مکمل جنگی جرم قرار دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں اور پناہ گزینوں کو نشانہ بنانا بین الاقوامی انسانی قانون اور انسانی حقوق کے قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے۔ حوثی ترجمان کے مطابق یہ کشتی راس العرا کے علاقے سے جنوبی یمن کے شہر حیس کی جانب جا رہی تھی جب اسے نشانہ بنایا گیا۔ سعودی عرب کی جانب سے تاحال اس الزام پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔ اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق لڑائی کے موجودہ مرحلے میں 1,600 سے زائد افراد ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ تین لاکھ سے زیادہ افراد بے گھر ہوئے ہیں۔

بقیہ 2

انتہائی نم ہونے سے فضا آلودہ رہنے کا ہی امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں آئندہ چند روز تک بارش کا کوئی امکان نہیں۔ دوسری جانب پنجاب کے دیگر شہروں میں بھی سموگ کی شدت برقرار ہے، ملتان میں 641 اور سرگودھا میں 290 ماربیکولیٹ میٹرز ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 3

ادارے کی تدریسی و تربیتی استعداد میں اضافے، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال اور نرسنگ کالج میں تعلیمی سرگرمیوں کے جلد آغاز کو یقینی بنانے پر زور دیا، تاکہ گوادر سمیت بلوچستان کے نوجوانوں کو طبی تعلیم کے بہتر مواقع میسر آئیں اور عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری لائی جا سکے۔

بقیہ 4

نومبر سہ پہر 3 بجے تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ پینل آف چیئرمین ڈاکٹر اشوک کمار کی صدارت میں منعقدہ اجلاس کے ایجنڈے پر کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئرمین نے اجلاس پیر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کر دیا گیا تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ پینل آف چیئرمین ڈاکٹر اشوک کمار کی صدارت میں منعقدہ اجلاس کے ایجنڈے پر کارروائی مکمل ہونے کے بعد چیئرمین نے اجلاس پیر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس پیر 23 نومبر کو کوئٹہ سمیت ملک اور پوری دنیا میں انتہائی عقیدت و احترام اور دینی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے، جہاں عاشقانِ عشقِ مصطفیٰ اور محبتِ رسول کی ایک

بقیہ 1

اجلاس پیر 23 نومبر سہ پہر 3 بجے تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا

بقیہ 5

شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، خصوصاً صبح اور رات کے اوقات میں گیس پریشر انتہائی کم ہونے سے گھریلو امور متاثر ہو رہے ہیں۔ خواتین، بچوں، بزرگوں اور طلبہ کو سرد موسم میں کھانے پکانے اور دیگر ضروریات پوری کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسم سرما میں گیس کی بلا تعطل فراہمی عوام کی بنیادی ضرورت ہے، لہٰذا متعلقہ حکام شہریوں کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے گیس پریشر میں بہتری لائیں اور گیس فراہمی کے موجودہ اوقات میں اضافہ کرنے کے لیے فوری اقدامات کریں۔ اراکین بلوچستان اسمبلی نے سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام پر زور دیا کہ کوئٹہ شہر میں گیس کی فراہمی کے مقررہ اوقات میں اضافے پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو سردی کے موسم میں ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، خصوصاً صبح اور رات کے اوقات میں گیس پریشر انتہائی کم ہونے سے گھریلو امور متاثر ہو رہے ہیں۔ خواتین، بچوں، بزرگوں اور طلبہ کو سرد موسم میں کھانے پکانے اور دیگر ضروریات پوری کرنے میں دشواری پیش آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسم سرما میں گیس کی بلا تعطل فراہمی عوام کی بنیادی ضرورت ہے، لہٰذا متعلقہ حکام شہریوں کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے گیس پریشر میں بہتری لائیں اور گیس فراہمی کے موجودہ اوقات میں اضافہ کرنے کے لیے فوری اقدامات کریں۔ اراکین بلوچستان اسمبلی نے سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام پر زور دیا کہ کوئٹہ شہر میں گیس کی فراہمی کے مقررہ اوقات میں اضافے پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو سردی کے موسم میں ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 6

کے سخی دستوں نے غیر ملکی شہریوں کو گرفتار کیا ہے جو سرحدی حفاظتی ضوابط کی خلاف ورزی کر رہے تھے۔ ان افراد پر چرس، ایمفیٹامائنز اور ایسی ادویات کی فروخت اور پھیلا کا الزام ہے جن کی تقسیم طبی ضوابط کے تحت ممنو

سعودی عرب کے حقِ دفاع کی حمایت، حوثی ملیشیا کے حملے بند کیے جائیں، پاکستان

ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کے ٹاور کو نشانہ بنانا سعودی عرب کی خودمختاری کی سنگین خلاف ورزی ہے

پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے قیام کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کو حوثی ملیشیا کی جانب سے نشانہ بنائے جانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کے خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے دفاع کے حق کی حمایت کرتے ہیں، حوثی ملیشیا کے حملے بند کئے جائیں۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کے ٹاور کو نشانہ بنانا سعودی عرب کی خودمختاری کی سنگین خلاف ورزی ہے، شہری تنصیبات اور اقتصادی مراکز کو نشانہ بنانا بے گناہ انسانی جانوں کے لئے خطرہ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ایسے قابل مذمت حملے علاقائی امن وسلامتی کے لئے سنگین خطرہ ہیں، پاکستان حوثی ملیشیا کے حملے

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)



میرانشاہ، فیلڈ مارشل سید عاصم میرانشاہ میں یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں



کوئٹہ، اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی پیپلز ٹرین سروس کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان کے اعزاز میں الوداعی تقریب

ڈی جی پی آر عسکر خان کی عمران خان کی خدمات کی تعریف، ٹیم ورک اور ادارہ جاتی ہم آہنگی پر زور

کوئٹہ (رخ ن) محکمہ تعلقاتِ عامہ بلوچستان کوئٹہ کے زیر اہتمام سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان کے اعزاز میں ان کے تبادلے کے موقع پر ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈائریکٹر جنرل تعلقاتِ عامہ عسکر خان ڈائریکٹر تعلقاتِ عامہ سعید احمد شاہوانی اور محکمہ کے افسران و عملے نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور ڈائریکٹر جنرل تعلقاتِ عامہ عسکر خان کے درمیان خوشگوار ماحول میں گفتگو ہوئی، جس میں محکمہ کی مجموعی کارکردگی، باہمی تعاون، سرکاری امور کی مؤثر انجام دہی اور شعبہ اطلاعات و ابلاغ عامہ کو مزید فعال اور مؤثر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل تعلقاتِ عامہ عسکر خان نے سیکرٹری اطلاعات عمران خان کی محکمانہ خدمات، پیشہ ورانہ رہنمائی، انتظامی معاونت اور محکمہ کے امور میں دلچسپی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی سرپرستی اور رہنمائی میں محکمہ نے مختلف اہم امور میں پیش رفت کی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ذمہ داریوں کے دوران باہمی اعتماد، ٹیم

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

پی ٹی اے کی ملک بھر میں ٹیلی کام سروسز کی نگرانی تیز، 226 موبائل سائٹس کا معائنہ مکمل

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ملک بھر میں ٹیلی کام سروسز کے معیار کو بہتر بنانے اور تکنیکی خامیوں کے بروقت ازالے کے لئے فیلڈ مانیٹرنگ کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ پی ٹی اے کے اعلامیہ کے مطابق 29 اکتوبر سے 11 نومبر تک ملک بھر میں 226 موبائل سائٹس کا معائنہ کیا گیا، جس کے بعد اب تک معائنہ کی جانے والی ٹیلی کام سائٹس کی مجموعی تعداد 1,127 سے تجاوز کر گئی ہے۔ اعلامیے میں بتایا گیا

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان نے اقوام متحدہ میں بھارت کے غیر سفارتی اور بے بنیاد بیانات مسترد کر دیے

بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کے حوالے سے پاکستان کے جائز تحفظات کا جواب دے

اسلام آباد (اے این این) پاکستان نے اقوام متحدہ میں بھارت کی جانب سے دیے گئے غیر سفارتی، غیر ذمہ دارانہ اور بے بنیاد بیانات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی الزامات پاکستان کے اندرونی معاملات میں ناقابل قبول مداخلت اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اقوام متحدہ میں بھارت کی جانب سے پاکستان پر عائد الزامات کا پاکستانی نمائندے نے فوری اور مؤثر جواب دیا۔ ترجمان نے کہا کہ بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کے حوالے سے پاکستان کے جائز تحفظات کا جواب دے۔ پاکستان کے معدنی وسائل کی ترقی کے خلاف بھارتی دشمنی بھی واضح ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گرد کارروائیوں میں بھارتی سرپرستی ملوث ہے۔ پاکستان متعدد بار دہشت گردی میں بھارت کے ملوث ہونے پر اپنے تحفظات اٹھا چکا ہے۔ ترجمان نے بھارت پر زور دیا کہ اقوام متحدہ میں جھوٹ پھیلانے کے بجائے مقبوضہ کشمیر سے

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

حکومت جہاں کھڑی ہے وہیں رک جائے، بصورت دیگر ہم کریں گے، مولانا فضل الرحمان

کارکن متحد، متفق اور ایک صف میں رہیں، کسی کی طاقت آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی ان شاء اللہ ہم مخالفین کی طاقت کو خاکستر کر کے رہیں گے

حکمرانوں کی جیلیں ختم ہو جائیں گی ہمارے کارکن ختم نہیں، ہم سیاسی میدان اور سیاسی انداز میں مقابلہ کریں گے، سربراہ جمعیت علماء اسلام

پشاور (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے حکومت کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ جہاں کھڑی ہے، وہیں رک جائے، بصورت دیگر جمعیت علماء اسلام سڑکوں پر آئے گی اور ضرورت پڑنے پر جیلوں کا رخ بھی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی جیلیں ختم ہو جائیں گی لیکن ہمارے کارکن ختم نہیں ہوں گے، ہم مقابلہ کریں گے، تاہم ہمارا مقابلہ سیاسی میدان اور سیاسی انداز میں ہوگا۔ مولانا فضل الرحمان نے مفتی محمود مرکز میں نماز جمعہ کی ادائیگی اور امامت کے بعد کارکنوں سے مختصر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم مشتعل مزاج لوگ نہیں ہیں بلکہ بڑے طریقے، تدبر اور حکمت کے ساتھ آگے بڑھتے ہیں۔ کارکن متحد، متفق اور ایک صف میں رہیں، کسی کی طاقت آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔ ان شاء اللہ ہم مخالفین کی طاقت کو خاکستر کر کے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت جماعت کو مشکل حالات کا سامنا ہے، تاہم

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 2 پر)

اقوامِ متحدہ کے ای گورنمنٹ انڈیکس میں پاکستان کی 17 درجے بہتری

پاکستان کی ڈیجیٹل گورننس میں پیش رفت کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر شزہ فاطمہ

اسلام آباد (جی این ایم) اقوامِ متحدہ کے ای گورنمنٹ انڈیکس 2026 میں پاکستان کی 17 درجے بہتری ہوگئی۔ اقوامِ متحدہ کی رپورٹ کے مطابق پاکستان ای گورنمنٹ انڈیکس 2026 میں 119 ویں نمبر پر آ گیا اور چار سال میں پاکستان کی عالمی درجہ بندی میں 31 درجے بہتری ہوئی ہے، اس طرح پاکستان کا ای گورنمنٹ انڈیکس اسکور 23 فیصد اضافے کے ساتھ 0.6264 ہو گیا۔ شہریوں کی آن لائن سہولت کے حوالے سے پاکستان نے جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ اسکور حاصل کر لیا۔ وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے اس حوالے سے کہا ہے کہ اقوامِ متحدہ کے ای گورنمنٹ انڈیکس میں پاکستان کی 31 درجے بہتری وزیراعظم شہباز شریف کے ڈیجیٹل نیشن وژن کا ثبوت ہے، وفاقی اور صوبائی اداروں کی مسلسل کوششوں سے عوامی خدمات آن لائن منتقل اور ڈیجیٹل رابطوں کا دائرہ وسیع ہو رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی ڈیجیٹل گورننس میں پیش رفت کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے۔ ی وزیراعظم

(بقیہ 83 اندرونی صفحہ 2 پر)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے بعد 5 آرڈیننسز کے اجرا کی تیاری

صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے جلد آرڈیننسز جاری کیے جائیں گے

اسلام آباد (اے این این) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد 5 آرڈیننسز کے اجرا کی تیاری جاری ہے اور وفاقی کابینہ نے صوبے سے متعلق پانچ آرڈیننسز سے متعلق سمری کی منظوری دے دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق صوبائی اسمبلی اختیارات، سپیکر و ڈپٹی اسپیکر کی مراعات اور خصوصی اقدامات سے متعلق آرڈیننسز شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے وزارت قانون و انصاف کی سمری کی منظوری دی، صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے جلد آرڈیننسز جاری کیے جائیں گے، گورنر خیبر پختونخوا نیبہ آرڈیننسز منظوری دینے کے بعد صدر مملکت کو اجرا کیلئے ارسال کیے۔ آرڈیننسز میں خیبر پختونخوا اسپیشل انیشیٹو آرڈیننس 2026، اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر (تنخواہیں، الانسز اور مراعات) آرڈیننس، خیبر پختونخوا سوسائٹیز (رجسٹریشن) ترمیمی آرڈیننس 2026، صوبائی اسمبلی (اختیارات، استثنیٰ اور مراعات) آرڈیننس 2026، اسپیشل انیشیٹوز آرڈیننس (026 نامزد اضلاع) شامل

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)

سرکاری فرائض میں غفلت اور غیر حاضری برداشت نہیں کی جائے گی، کمشنر لورالائی

مالیاتی تصدیق کے بغیر تقرری نہ کی جائے، فیلڈ وزٹس اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت

لورالائی (رخ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے واضح کیا ہے کہ سرکاری فرائض میں غفلت، غیر حاضری اور عوامی مسائل کے حل میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام افسران اور ملازمین پیشگی اطلاع اور مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر اپنا اسٹیشن نہ چھوڑیں، بصورت دیگر متعلقہ اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈویژنل ہیڈز کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، جس میں مختلف محکموں کے سربراہان نے شرکت کی اور اپنے اپنے محکموں کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں، انتظامی امور اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ولی محمد بڑیچ نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور باقاعدگی سے فیلڈ وزٹس کریں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ دوروں کے دوران جاری ترقیاتی کاموں کی تصاویر، پیش رفت اور کارکردگی پر مشتمل باقاعدہ رپورٹس مرتب کر کے

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)

زیارت میں سیوریج لائنوں کی تنصیب کا کام تیزی سے جاری

شہری سہولیات اور صفائی ستھرائی کے لیے عملی اقدامات، زیارت میں سیوریج منصوبے پر تیزی سے کام جاری

زیارت (رخ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں زیارت ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج لائنوں کی تعمیر و تنصیب کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس منصوبے کا مقصد شہر میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا، عوام کو درپیش مسائل کا خاتمہ اور شہری سہولیات میں بہتری لانا ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے نکاسی آب کے نظام کو مؤثر بنانے کے ساتھ ساتھ علاقے میں صفائی ستھرائی اور ماحول کی بہتری میں بھی مدد ملے گی۔ حکومت بلوچستان عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور زیارت کی ترقی و خوبصورتی کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں زیارت ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج لائنوں کی تعمیر و تنصیب کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس منصوبے کا مقصد شہر میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا، عوام کو درپیش مسائل کا خاتمہ اور شہری سہولیات میں بہتری لانا ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے نکاسی آب کے نظام کو

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال (I R A D) کے دورے کے دوران مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

بے نظیر وومن ہسپتال لورالائی میں پہلی نارمل ڈلیوری، ہسپتال مکمل فعال

لورالائی میں خواتین کی صحت کے لیے اہم سنگِ میل، بے نظیر وومن ہسپتال فعال، پہلی ڈپٹی ایم ایس تعینات

لورالائی (رخ ن) ضلع لورالائی کی طبی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل عبور کر لیا گیا، جہاں بے نظیر وومن ہسپتال لورالائی میں پہلی مرتبہ نارمل ڈلیوری کے ذریعے بچے کی پیدائش ہوئی۔ اس کامیاب ڈلیوری کے بعد ہسپتال کو زچہ و بچہ کی صحت اور بچوں کی پیدائش کے حوالے سے باقاعدہ طور پر مکمل فعال کر دیا گیا ہے۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ ڈلیوری کے بعد ماں اور نومولود دونوں کی صحت تسلی بخش ہے اس موقع پر بے نظیر وومن ہسپتال لورالائی میں ڈاکٹر زرینہ خان موسیٰ خیل کو ہسپتال کی پہلی ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ڈپٹی ایم ایس) تعینات کیا گیا ہے، جو خواتین کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور ہسپتال کے انتظامی و طبی امور کی نگرانی کریں گی اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال لورالائی ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی، ڈپٹی ایم ایس بے نظیر وومن ہسپتال ڈاکٹر زرینہ خان موسیٰ خیل، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان، ایڈمن آدم خان ملازئی اور دیگر طبی و انتظامی عملہ بھی موجود تھا بے نظیر وومن ہسپتال میں نارمل ڈلیوری کی سہولت کا باقاعدہ آغاز لورالائی اور

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 2 پر)

عظیم معاشی مسائل کی طرف توجہ دینے کا موقع نہیں دیا گیا، بلاول بھٹو زرداری

جنگ کے اثرات ہم سب کو اٹھانے پڑ رہے ہیں، امن کا معاہدہ ابھی تک نظر نہیں آ رہا، معاشی بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام کے کندھوں پر معاشی بوجھ ہے

زراعت کے شعبے میں 90 فیصد چھوٹے زمینداروں کا کردار ہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے، حالات مشکل ہوتے جا رہے ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ میں نے شہباز شریف کو 2 دفعہ وزیراعظم بنوایا، چاہتا ہوں کہ وہ بطور وزیراعظم 5 سال پورے کریں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ویٹ سپورٹ پروگرام کی تقریب سے خطاب ہوئے کہا کہ جنگ کے اثرات ہم سب کو اٹھانے پڑ رہے ہیں، امن کا معاہدہ ابھی تک نظر نہیں آ رہا، معاشی بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام کے کندھوں پر معاشی بوجھ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آنے والے حالات میں عوام کیسے گذارا کریں گے، موجودہ حالات میں فارووڈ پلاننگ کیا کر سکتے ہیں، افسوس کے ساتھ ہمارے سیاستدانوں نے عوام کے اصل مسائل پر بات کرنا چھوڑ دیا ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کی فلاح بہبود کے لیے کام کرتی رہتی ہے، چھوٹے زمینداروں کی مدد کی جا رہی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں 90 فیصد چھوٹے زمینداروں کا کردار ہے،

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 2 پر)

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گوادر جدید کے طلبہ کا گوادر پورٹ و بزنس سینٹر کا دورہ

طلبہ کو عملی آگاہی دینے کے لیے مطالعاتی دورہ، گوادر پورٹ اور فری زونز کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا

گوادر (رخ ن) صوبائی حکومت بلوچستان کی تعلیم دوست پالیسی اور طلبہ کو جدید علمی و عملی تجربات سے روشناس کرانے کے وژن کے تحت گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گوادر جدید کے طلبہ اور اساتذہ نے گوادر پورٹ اور چائنہ بزنس سینٹر گوادر کا مطالعاتی دورہ کیا اس موقع پر گوادر پورٹ اتھارٹی کے عبدالمالک بلوچ نے طلبہ کو گوادر پورٹ کی اہمیت، بزنس سینٹر کے کردار، گوادر فری زونز میں سرمایہ کاری کے مواقع اور مستقبل کی معاشی و تجارتی استعداد کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی دورہ کا مقصد طلبہ کو نصابی تعلیم کے ساتھ عملی معلومات فراہم کرنا اور گوادر کی علاقائی و عالمی اہمیت، معاشی ترقی اور پاکستان کے روشن مستقبل میں اس کے کردار سے آگاہ کرنا تھا۔ اس طرح کی تعلیمی سرگرمیاں طلبہ کی علمی استعداد میں اضافے، سوچ کے نئے زاویے پیدا کرنے اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ صوبائی حکومت بلوچستان کی تعلیم دوست پالیسی اور طلبہ کو جدید علمی و عملی تجربات سے روشناس کرانے کے وژن کے تحت گورنمنٹ بوائز

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 2 پر)

ہمارے لانگ مارچ کی حکمت عملی تھی اور نہ کوئی پلان تھا، شوکت یوسفزئی

جنید اکبر، اسپیکر اور سہیل آفریدی گرفتار ہوئے تو میں پلان کا انتظار کرتا رہا، گفتگو

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے ترجمان شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پارٹی کے پاس لانگ مارچ کی کوئی حکمت عملی نہیں تھی۔ ایک انٹرویو میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمارے لانگ مارچ کی حکمت عملی تھی اور نہ کوئی پلان تھا، ہمیں کہا جاتا رہا کہ پلان آ رہا ہے اور پلان کسی اور کے ساتھ ہے، کہا گیا سہیل آفریدی گرفتار ہوتے ہیں تو پلان کوئی اور دے گا، جنید اکبر، اسپیکر اور سہیل آفریدی گرفتار ہوئے تو میں پلان کا انتظار کرتا رہا، میں نے 24 ستمبر کو خط لکھا تھا اور 25 ستمبر کو میٹنگ بھی بلائی گئی، اس میٹنگ میں سہیل آفریدی بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، جنید اکبر اور سلمان اکرم راجہ موجود تھے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا میں نے اجلاس میں کہا کہ اسٹیکس کمیٹی کا اجلاس بھی بلانا چاہیے، میں نے کہا کہ آپ لانگ مارچ کو فی الحال ملتوی کریں، میں نے کہا تاریخ نہ دیں اور کہیں کہ لانگ مارچ کو فی الحال ملتوی کر کے مذاکرات کرتے ہیں،

حاجی علی مدد جتک کو محکمہ زراعت و کوآپریٹوز کا قلمدان سونپ دیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کو محکمہ ایگریکلچر اینڈ کوآپریٹوز (زراعت و کوآپریٹوز) کا قلمدان تفویض کر دیا گیا ہے، جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ متعلقہ حکام کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق حاجی علی مدد جتک اب صوبائی وزیر برائے زراعت و کوآپریٹوز کی حیثیت سے محکمے کے امور اور پالیسی سازی کی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے۔ بلوچستان کے صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کو محکمہ ایگریکلچر اینڈ

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

اقوام متحدہ کی کمیٹی میں ایران میں انسانی حقوق سے متعلق قرارداد منظور لی

قرارداد کینیڈا کی جانب سے پیش کی گئی، 76 ممالک نے حمایت، 27 نے مخالفت میں ووٹ ڈالا

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی نے ایران میں انسانی حقوق کی صورتحال سے متعلق ایک قرارداد منظور کر لی۔ عالمی میڈیا رپورٹ کے مطابق قرارداد میں ایران میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں، شہری آزادیوں پر پابندیوں اور مختلف طبقات کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ قرارداد میں ایرانی حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ انسانی حقوق کے تحفظ، بنیادی آزادیوں کی پاسداری اور بین الاقوامی ذمہ داریوں پر عمل درآمد کو یقینی بنائے۔ قرارداد کینیڈا کی جانب سے پیش کی گئی، جسے 76 ممالک نے حمایت، 27 نے مخالفت جبکہ 64 ممالک نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔ امریکا اور اسرائیل بھی ووٹنگ سے غیر حاضر رہنے والے ممالک میں شامل تھے۔ قرارداد میں ایران سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا خاتمہ کرے، شہریوں کی بنیادی آزادیوں کا احترام کرے، غیر قانونی حراستوں اور تشدد کی روک تھام کرے اور خواتین سمیت تمام شہریوں کے

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

گرانی کے وفد کی ڈپٹی کمشنر قلات سے ملاقات، علاقائی مسائل اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال

ضلع بھر کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر قلات کی وفد کو یقین دہانی

قلات (رخ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری سے پریس اکرم جان احمدزئی کی قیادت میں گرانی کے معززین کے وفد نے ملاقات۔ کی اس موقع پر وفد نے ڈپٹی کمشنر کو علاقے کو درپیش مختلف مسائل سے آگاہ کیا، جبکہ ان مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی و خوشحالی سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ علاقے کے لوگوں کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور عوامی شکایات و تجاویز کو اہمیت دیتے ہوئے ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ گرانی سمیت ضلع بھر کے تمام علاقوں کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی۔ تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ علاقے کے لوگوں کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور عوامی شکایات و تجاویز کو اہمیت

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

ہفتہ وار مہنگائی میں 0.65 فیصد کمی، سالانہ شرح 10.41 فیصد ہو گئی

اسلام آباد (اے این این) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.65 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جس کے بعد سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 10.41 فیصد کی سطح پر آ گئی۔ ادارہ شمار

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

معاشی ترقی کی باگ ڈور نجی شعبے کو دینا ہوگی، مشیر نجکاری محمد علی

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کی باگ ڈور نجی شعبے کو دینا ہوگی، نجکاری اور پبلک پرائیویٹ

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

لاہور ہائیکورٹ، علیمہ خان کی نظر بندی سے متعلق درخواست جلد سماعت کیلئے منظور

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان اور ان کے ڈرائیور کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر جلد سماعت کی استدعا منظور کر لی۔ عدالت نے رجسٹرار آفس کو کیس سماعت کے لئے مقرر کرنے کی ہدایت کر دی، جبکہ علیمہ خان کی نظر بندی کے احکامات کو بھی چیلنج کیا گیا ہے۔ جسٹس عبہر گل خان نے علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ علیمہ خان کے بیٹے شاہریز خان نے کیس کی جلد سماعت کیلئے متفرق

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

مدارس و جدید تعلیمی نظام میں ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے، حسن اقبال

قرآن کریم انسان کو غور و فکر، مشاہدے اور تحقیق کی دعوت دیتا ہے جو فکری اور قومی ترقی کے بنیادی اصول ہیں

اسلام میں دینی اور دنیاوی علوم کے درمیان کوئی تفریق نہیں، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کا خطاب

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ دینی اور جدید تعلیم کو یکجا کر کے تحقیق، سائنسی علوم اور جدت کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، مدارس کے طلبہ کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ علم اور مہارتوں سے آراستہ کرنا ہوگا تاکہ وہ قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ وہ جمعیت طلبہ عربیہ پاکستان کے زیر اہتمام بدلتی دنیا میں اسلامی مدارس کا کردار: تقاضے، چیلنجز، مواقع اور اصلاحات کے موضوع پر منعقدہ قومی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں دینی اور دنیاوی علوم کے درمیان کوئی تفریق نہیں، مسلم تہذیب کے عروج کے دور میں بالخصوص سپین میں مسلمان اہل علم نے سائنس، فلکیات اور ریاضی سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دیں، اسلامی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ علم، تحقیق اور غور و فکر مسلم معاشرے کی ترقی کے

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

سیکیورٹی واپس، مولانا فضل الرحمان مفتی محمود مرکز پشاور منتقل

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اسلام آباد میں اپنی رہائش گاہ چھوڑ کر پشاور منتقل ہو گئے، جہاں انہوں نے کسی نجی گھر کے بجائے مفتی محمود مرکز میں قیام کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان کی یہ منتقلی سرکاری سیکیورٹی واپس لئے جانے کے بعد سامنے آئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مولانا فضل الرحمان رات گئے اسلام آباد سے پشاور روانہ ہوئے اور مفتی محمود مرکز پہنچے، جہاں موجود کارکنوں نے ان کا استقبال کیا۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد میں مولانا فضل الرحمان کی سرکاری سیکیورٹی واپس لینے کے بعد ان کی رہائش گاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبے میں تعلیم صحت روزگار کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے، سنجے کمار

اقلیتی برادری پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم پر متحد ہو کر سیاسی جدوجہد میں ہمارا ساتھ دیں، بات چیت

سبی (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور بلوچستان پاکستان پیپلز پارٹی اقلیتی امور کے مرکزی رہنما سنجے کمار پنجوانی نے بلوچستان میں اقلیتی برادری کو درپیش مسائل و مشکلات کے ازالے کے لئے پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت تمام وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے تعلیم صحت روزگار کی فراہمی ہماری ذمے داری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے فوکل پرسن کھبی عامر چنڈال کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا قبل ازیں کھبی عامر چنڈال نے سبی ڈھاڈر مچ کولپور ڈیرہ مراد جمالی سمیت بلوچستان بھر میں آباد اقلیتی برادری کو درپیش مشکلات کے حوالے سے بھی تفصیلی آگہی فراہم کی اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور بلوچستان پاکستان پیپلز پارٹی اقلیتی امور کے سینئر رہنما سنجے کمار پنجوانی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے مسئلہ مسائل کو حل کرنے کی ذمے داریاں احسن انداز سے سرانجام دی پارٹی کے لئے اقتدار کی کوئی اہمیت نہیں بلکہ عوام کے معیار زندگی کو بہتر بناتے ہوئے

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہنے کی اطلاع

بجلی ب